طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

اسلامی بچّوں اور بچیوں کے لیے اہم اسلامی معلومات پر مشتمل مفید کتاب

پہلی جماعت کے لیے

# سُبحانی دینی نِصاب

## حِصّہ اوّل




تالیف

سیّد محمد اکرام الحق قادری مصباحی

صدر المدرسین دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا ممبئی



ناشر

شعبۂ اشاعت دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ

اسلامی بچوں اور بچیوں کے لیے
اہم اسلامی معلومات پر مشتمل مفید کتاب

# سبحانی دینی نصاب حصہ اوّل

تالیف

سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی
صدر المدرسین: دار العلوم محبوبِ سبحانی، کرلا ممبئی

ناشر: شعبۂ اشاعت، دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی

# جملہ حقوق بحقِّ ناشر محفوظ ہیں

| | | |
|---|---|---|
| نام کتاب | : | سبحانی دینی نصاب حصہ اوّل |
| مؤلف | : | سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ<br>صدر مدرس: دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ممبئ<br>فون نمبر 9029249679 |
| کمپوزنگ | : | بدستِ خود |
| نظرِ ثانی | : | حضرت مفتی فاروق خاں مہائمی مصباحی<br>استاذ و نائب مفتی ادارہ ھٰذا |
| تزیین | : | حضرت مولانا نصرالدین صاحب سبحانی استاذ ادارہ ھٰذا |
| سنِ طباعت بارِ اوّل | : | شوال ۱۴۴۰ھ مطابق جون ۲۰۱۹ء |
| سنِ طباعت بارِ دوم | : | جمادی الآخرہ ۱۴۴۳ھ مطابق دسمبر ۲۰۲۱ء |
| تعداد | : | 3000 |
| قیمت | : | 120 |
| صفحات | : | 80 |
| ملنے کا پتہ | : | دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ویسٹ ممبئ ۷۰ |

# فہرست مضامین


| Sr. No. | TOPICS | Page No. | صفحہ نمبر | عناوین | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | Sharafe Intesaab | E | ہ | شرفِ انتساب | ۱ |
| 2 | Chand Baatein | F | و | چند باتیں | ۲ |
| 3 | Kitaab Ki Khusoosiyaat | F | و | کتاب کی خصوصیات | ۳ |
| 4 | Asatza-e-Kiraam ki Zimmedariyaan | H | ح | اساتذۂ کرام کی ذمے داریاں | ۴ |
| 5 | Nisaab-e-Taaleem ke Rahnuma Usool | J | ط | نصابِ تعلیم کے رہ نما اصول | ۵ |
| 6 | Walidain-o-Sarparast Ki Zimmedariyaan | I | ی | والدین وسرپرست کی ذمے داریاں | ۶ |
| 7 | **First Lesson:** Ilm-e-Deen Ki Ahmiyat | 2 | ۱ | **پہلا سبق**: علمِ دین کی اہمیت | ۷ |
| 8 | **Second Lesson:** Jawaab Dene Ka Andaaz | 6 | ۵ | **دوسرا سبق**: سلام کرنے کا طریقہ | ۸ |
| 9 | Salaam karne Ka Tareeqa | 6 | ۵ | جواب دینے کا انداز | ۹ |
| 10 | Tawwuz-o-Tasmiyah | 6 | ۵ | تعوذ وتسمیہ | ۱۰ |
| 11 | Kalima-e-Tayyib-o-Kalima-e- Shahaadat | 6 | ۵ | کلمۂ طیب وکلمۂ شہادت **مع ترجمہ** | ۱۱ |
| 12 | Durood-e- Paak | 8 | ۷ | درودِ پاک | ۱۲ |
| 13 | **Third Lesson:** Hamara Pyaara Rab Azza Wa Jall | 10 | ۹ | **تیسرا سبق**: ہمارا پیارا رب عزوجل | ۱۳ |
| 14 | **Fourth Lesson:** Hamare Pyaare Nabi | 14 | ۱۳ | **چوتھا سبق**: ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۱۴ |
| 15 | **Fifth Lesson:** Hamara Pyaara Deen | 18 | ۱۷ | **پانچواں سبق**: ہمارا پیارا دین | ۱۵ |

| Sr. No. | TOPICS | Page No. | صفحہ نمبر | عناوین | نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | **Sixth Lesson:** Hamari Deeni Kitaab | 24 | ۲۳ | چھٹا سبق: ہماری دینی کتاب | ۱۶ |
| 17 | **Seventh Lesson:** Hamd-o-Qasaaid-o-Naat | 28 | ۲۷ | ساتواں سبق: حمد وقصیدۂ بردہ ونعت | ۱۷ |
| 18 | **Eighth Lesson:** Islami Aadaab | 34 | ۳۳ | آٹھواں سبق: اسلامی آداب | ۱۸ |
| 19 | **Ninth Lesoon:** Aayaate Quraniyah | 40 | ۳۹ | نواں سبق: آیاتِ قرآنیہ | ۱۹ |
| 20 | **Tenth Lesson:** Hifz-e-Suwar Bittajweed | 43 | ۴۳ | دسواں سبق: حفظِ سُوَر بالتجوید | ۲۰ |
| 21 | **Eleventh Lesson:** Ahaadis-e-Rasool Akram | 50 | ۴۹ | گیارہواں سبق: احادیثِ رسولِ اکرم ﷺ | ۲۱ |
| 22 | **Twelfth Lesson:** Ahem Deeni Maaloomaat | 56 | ۵۵ | بارہواں سبق: اہم دینی معلومات | ۲۲ |
| 23 | **Thirteenth Lesson:** Munaajaat-o-Salaam Durood-o-Manqabat | 62 | ۶۱ | تیرہواں سبق: مناجات وسلام درود ومنقبت | ۲۳ |
| 24 | **Fourteenth Lesoon:** Phalon Aur Mewon Ke Arabi Naam | 65 | ۶۵ | چودہواں سبق: پھلوں اور میووں کے عربی نام | ۲۴ |
| 25 | Kuchh Mashhoor Sabziyon Ke Arabi Naam | 66 | ۶۶ | کچھ مشہور سبزیوں کے عربی نام | ۲۵ |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# شرفِ انتساب

بانیِ جامعہ اشرفیہ، تلمیذِ حضور صدر الشریعہ،
جلالۃ العلم، حضور حافظِ ملت حضرت
علامہ مفتی عبد العزیز محدّث مبارک پوری رحمۃ اللہ علیہ
کے نام

گر قبول افتد زہے عزو شرف

احقر الزمن: سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ

# چند باتیں

دارالعلوم محبوبِ سبحانی کے شعبۂ دینیات بالتجوید کے پانچ سالہ ابتدائی نصاب ’’سبحانی دینی نصاب‘‘ کا پہلا حصہ، آپ کے مطالعے کی میز پر ہے، شعبۂ دینیات کا یہ خصوصی نصاب، بحکمِ اراکینِ ادارہ تیار کیا گیا ہے، پانچ حصوں پر مشتمل اس پورے نصاب میں اُن تمام باتوں کو جمع کرنے کی کوشش کی گئی ہے جن کا جاننا ہر بندۂ مومن کے لیے ضروری یا اہم ہے اِسے تیار کرنے کی ضرورت اِس لیے بھی محسوس ہوئی کہ:

- نصابِ تعلیم کے ذریعہ، چاہے جانے والے ہَدَف تک رسائی جلد ہو جاتی ہے۔
- نصاب مقرر ہونے سے کم وقت میں طلبہ کے اندر بآسانی ضروری استعداد پیدا کی جاسکتی ہے۔
- طالبِ علم بہت سی چیزوں کو کم وقت میں حاصل کر لیتا ہے۔
- نصاب متعین کرنے کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ اِس کے ذریعہ تعلیم و تربیت کی ایک معین مقدار، استاذ اور والدین کے ذہن میں رہتی ہے، جس کے سبب استاذ کو پڑھانے اور والدین و سرپرست کو نگرانی کرنے میں آسانی ہوتی ہے۔

## کتاب میں اِن اُمور کا خاص لحاظ رکھا گیا ہے:

- اِس کتاب میں بچوں اور بچیوں کی ذہنی نشو نما اور اُن کی قوتِ ادراک کے لحاظ سے مختصر اور نہایت آسان جملوں کا استعمال کیا گیا ہے۔
- کتاب کا مواد معتبر و مستند کتابوں سے لیا گیا ہے اور آسان لب و لہجہ میں سیکڑوں آیاتِ قرآنیہ اور احادیثِ نبویہ کا خلاصہ و نچوڑ پیش کیا گیا ہے۔

- پوری کتاب ''چودہ اسباق'' پر محیط ہے۔
- کتاب میں حمد ونعت ومنقبت اور اہم دینی معلومات کے علاوہ، مختصر اور سادہ جملوں میں اللہ رب العالمین، حضور رحمۃ للعالمین، قرآنِ کریم اور دینِ اسلام کا جامع تعارف پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔
- طلبۂ کرام کے ایمان وعقائد اور اخلاق وکردار کو معطر کرنے کے لیے ۵رچھوٹی سورتیں، ۱۴رآیاتِ قرآنیہ اور ۲۱راحادیثِ نبویہ کو بھی شاملِ کتاب کیا گیا ہے۔
- تمام عربی عبارتوں پر اعراب کا التزام کیا گیا ہے۔
- اسباق کی ترتیب میں ألأهم فالأهم پر عمل کیا گیا ہے، یعنی جو باتیں اہم ہیں، اُن کو پہلے بیان کیا گیا ہے۔
- ہر سبق میں متعین عنوان سے متعلق ہی کلام کیا گیا ہے۔
- آخر میں چند مشہور پھلوں، میووں اور سبزیوں کے عربی نام بھی درج کیے گیے ہیں، تاکہ نونہالانِ اسلام کا تعلق، اپنی اسلامی سرکاری زبان ''عربی'' سے قائم ودائم رہے۔
- یہ نصاب روزانہ ایک گھنٹے کی ترتیب پر بنایا گیا ہے؛ تاکہ طلبہ اپنی عصری تعلیم کے ساتھ روزانہ کچھ نہ کچھ دینی تعلیم بھی حاصل کرتے رہیں۔
- دینی تعلیم حاصل کرنے میں زبان رکاوٹ نہ بنے اور زیادہ سے زیادہ لوگ فائدہ اٹھائیں، اِس مقصد کے تحت کتاب کو ''رومن انگلش'' میں بھی منتقل کیا گیا ہے؛ تاکہ جن بچوں کی اردو کمزور ہو، وہ انگلش کا سہارا لے کر ہوم ورک کرسکیں۔
- کتاب کو مختلف خوب صورت رنگوں سے سجایا گیا ہے؛ تاکہ بچوں کی دل چسپی کا سامان ہوجائے۔

## چند باتیں اساتذۂ کرام سے:

طلبہ کی تعلیم وتربیت میں اساتذہ و معلمین کے ذاتی اوصاف وعادات کا سب سے اہم کردار ہوتا ہے، طلبہ اپنے استاد کے اوصاف وعادات سے شعوری یا غیر شعوری طور پر متاثر ہوتے ہیں، اِس لیے بحیثیتِ استاد آپ کی ذمہ داری ہے کہ مندرجہ ذیل پہلوؤں کو خاص طور پر پیشِ نظر رکھیں! تاکہ آپ کا قابلِ تقلید اُسوہ، طلبہ کے روشن وتابناک مستقبل کا ضامن ہو۔

- وقت کی پابندی کیجیے، پان یا مسالہ کھا کر درسگاہ میں ہرگز نہ آیئے۔
- طلبہ سے مسکراتے ہوئے ملیے اور اُن کے ساتھ نرمی وملاطفت سے پیش آیئے۔
- اُن کی عزتِ نفس کا خیال رکھیے، اُن کی تحقیر یا تذلیل سے گریز کریے۔
- اُنھیں پیٹنے سے مکمل پرہیز کریے، بوقتِ حاجت، تادیبی کاروائی کی دوسری صورتیں اختیار کیجیے۔
- اُن کے سوالات کے تسلی بخش جوابات دیجیے! غلط اور غیر تسلی بخش جواب دینا شرعی جرم بھی ہے اور درس گاہ کی توہین بھی۔
- اگر طلبہ کے کسی سوال کا جواب معلوم نہ ہو تو خندہ پیشانی سے عدمِ واقفیت کا اعتراف کریے اور معلومات کر کے بتایے! تاکہ اُن کا اعتماد بحال رہے۔
- اگر اُن میں کوئی شرعی یا اخلاقی خامی نظر آئے تو بروقت نرم لب و لہجے میں اُن کی اصلاح فرمایئے، اصلاح کے موقع پر ڈانٹ پھٹکار مؤثر ثابت نہیں ہوتی۔
- اُن کے ساتھ غیر معمولی قرب اور لگاؤ کا اظہار کریے، اور ایک والد کے مانند شفقت فرمایئے۔
- کلاس کے ہر بچے پر توجہ فرمایئے! تاکہ کسی کو ترجیحی سلوک کا احساس نہ ہو، بلکہ ہر ایک یہی محسوس کرے کہ آپ کو اُس سے غیر معمولی انس ہے۔
- اپنی تبلیغی کاوشوں سے بچوں کے اندر حصولِ علم کی غیر معمولی لگن پیدا کریے؛ تاکہ وہ آپ کی ہر بات گوشِ دل سے سنیں اور عمل کریں۔

- اپنی شخصیت کو دل کش اور اثر انگیز بنایئے، تاکہ طلبہ آپ سے بِدکنے کے بجائے قریب آئیں اور آپ کا اثر قبول کریں۔
- جو باتیں بچوں کو بتائیں، اُن پر خود بھی عمل کریں، بلکہ اپنی سیرت کے تمام گوشوں پر مسلسل نظر رکھیں، تاکہ طلبہ کو تقلید کے لیے ایک شاندار اُسوہ مل سکے۔
- اپنے علم میں اضافے، نیز پختگی اور اپنی معلومات پر یقینِ محکم پیدا کرنے کے لیے مسلسل کتب بینی کرتے رہیے۔
- عفو و درگزر اور تحمل و بردباری سے کام لیجیے، چڑچڑے اور غصہ وَر لوگ کامیاب استاذ نہیں بن پاتے۔

## نصابِ تعلیم سے متعلق اِن اُمور پر خاص توجہ فرمائیں!

- کتاب میں چودہ اسباق ہیں، ہر سبق آٹھ مختلف فصلوں پر مشتمل ہے۔
- سات اسباق شش ماہی اول میں اور سات اسباق شش ماہی دوم میں حفظ کرائیں!
- ایک سبق پندرہ دنوں میں مکمل کرائیں، پندرہ دنوں میں کمی یا بیشی ہرگز نہ ہونے پائے۔
- ہر درس کی مکمل توضیح وتشریح کریں! یعنی تحفیظ سے قبل تفہیم کا مرحلہ طے کریں۔
- آیاتِ کریمہ، احادیثِ نبویہ اور دیگر اذکار کی تحفیظ میں تجوید کی مکمل رعایت فرمائیں!
- طلبہ کو اردو رسم الخط ہی سے پڑھائیں، دشواری کی صورت میں، ہوم ورک کے وقت رومن انگلش کا سہارا لینے کی تلقین کریں!
- اجتماعی طریقۂ تعلیم کا اہتمام کرنے کی کوشش کریں، یعنی ہر گھنٹی کے تمام طلبہ کو ایک ساتھ پڑھائیں، کسی ایک طالبِ علم سے تمام طلبہ کو پڑھوائیں، اگر یہ طالبِ علم غلطی کرے تو اُس کی درستگی طلبہ ہی سے کرائیں، اِس سے تمام طلبہ درس پر متوجہ رہیں گے، اُن کا شوق بڑھے گا اور مکمل وقت تعلیم پر لگے گا۔ انفرادی طریقۂ تعلیم میں یہ فائدے نہیں ہوتے۔
- اگلا سبق حفظ کرانے سے قبل، پچھلے سبق کا اِعادہ کرائیں؛ تاکہ ابحاث سمجھنے میں آسانی ہو۔

- اگر ممکن ہو تو آیات واحادیث کے حوالہ جات بھی حفظ کرائیں!
- آیات واحادیث سے مستنبط ہونے والے عقائد و مسائل کی توضیح کریں!
- ساڑھے تین مہینے میں ساتوں اسباق کی تکمیل کرائیں، پھر ڈیڑھ مہینے میں امتحان کی تیاری کرائیں!

## بچوں کے والدین توجہ فرمائیں!

- بچوں کو روزانہ، وقت کی پابندی کے ساتھ بھیجیں؛ کیوں کہ ناغے تعلیم کو زبردست نقصان پہنچاتے ہیں۔
- بچوں کے جسم اور اُن کی یونیفارم کی صفائی کا مکمل خیال رکھیں!
- ایک زائد ڈریس سلوائیں، تاکہ یونیفارم میلی ہونے پر بچوں کو دشواری نہ ہو۔
- بارہ سال سے کم عمر کے بچوں کو خود لائیں اور لے جائیں، تاکہ کوئی حادثہ رونما نہ ہونے پائے۔
- بلاناغہ ہوم ورک کرائیں اور استاذ بچوں کو جو کچھ بتائیں، اُن سے اُس پر عمل کرائیں!
- پندرہ دنوں میں کم از کم ایک بار استاذ سے مل کر، بچوں کی کیفیت دریافت کریں!
- بچوں کو کہیں بھیجنا ہو تو تحریری شکل میں رخصت حاصل کریں!
- اگر کسی دن اتفاقاً بچے نہ آسکیں تو فون کے ذریعہ اُن کے استاذ کو اطلاع دیں!

ہماری کوششیں اُسی وقت بار آور ہوسکتی ہیں، جبکہ ہمیں آپ کا خصوصی تعاون حاصل ہو، آپ کی سستی ولاپرواہی کے ساتھ، ہماری کاوش ولگن، چنداں سود مند ثابت نہ ہوگی، اگر آپ حضرات، دنیاوی تعلیم کی طرح اپنی بچوں کی دینی تعلیم پر بھی مکمل توجہ دیں، تو نہ صرف یہ کہ آپ کے بچے دینی تعلیم سے خوب خوب آراستہ ہوں گے، بلکہ دارین کی سعادتیں بھی آپ کے قدم چومیں گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

دعا کرتا ہوں کہ مولیٰ تعالیٰ اِس کتاب کا افادہ عام سے عام تر فرمائے ، اِسے ، اِس کے مؤلف ، معلم ، متعلم ، قاری ، ناشر اور جملہ معاونین کی بخشش کا وسیلہ بنائے ! آمین بجاہِ سید المرسلین حبیبنا و سیدنا محمد المصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ۔

احقر الزمن سید محمد اکرام الحق قادری مصباحی عفی عنہ
صدر المدرسین دار العلوم محبوبِ سبحانی کرلا ویسٹ ممبئی
9029249679
7977962766

# شش ماہی اوّل

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ
اَمَّا بَعْدُ

## پہلا سبق

### علمِ دین کی اہمیت

پیارے بچو! آپ اللہ تبارک وتعالیٰ کا شکر ادا کیجیے! کہ اُس نے آپ کو علمِ دین سیکھنے کی توفیق بخشی۔

**عزیز بچو! کیا آپ کو پتہ ہے کہ:**

- علمِ دین اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔
- علمِ دین سے گمراہوں کو ہدایت نصیب ہوتی ہے۔
- علمِ دین سے حلال وحرام کی تمیز ہوتی ہے۔
- علمِ دین کے بغیر اللہ عز وجل کی بندگی نہیں ہوسکتی۔
- علمِ دین کے بغیر حقیقی کامیابی حاصل نہیں ہوسکتی۔

# FIRST SEMESTER

**NAHMADUHU WA NUSALLEE ALAA RASOOLIHIL KAREEM AMMAA BA'AD**

## FIRST LESSON

### ILM-E-DEEN KI AHMIYAT

Pyaare Bachcho! Aap Allah Tabaarak Wa Ta'ala Ka Shukr Adaa Kijiye! Ki Us Ne Aap Ko Ilm-e-Deen Seekhne Ki Taufeeq Bakhshi.

**Azeez Bachcho! Kya Aap Ko Pata Hai Ki:**

- Ilm-e-Deen Allah Ta'ala Ki Bahut Badi Nemat Hai.
- Ilm-e-Deen Se Gumraahon Ko Hidaayat Naseeb Hoti Hai.
- Ilm-e-Deen Se Halaal-o-Haraam Ki Tameez Hoti Hai.
- Ilm-e-Deen Ke Baghair Allah Azza wa Jall Ki Bandagi Nahi Ho Sakti.
- Ilm-e-Deen Ke Baghair Haqeeqi Kamyaabi Haasil Nahi Ho Sakti.

## یہ دیکھیے! ہمارا قرآن کیا کہہ رہا ہے:

- علم والوں کو اللہ عزوجل درجوں بلند فرماتا ہے۔[۱]
- جاہل، علم والوں کے برابر ہرگز نہیں ہو سکتے۔[۲]
- علم والے ہی اپنے رب سے ڈرتے ہیں۔[۳]
- قرآنی مثالیں علم والے ہی سمجھ پاتے ہیں۔[۴]
- قرآنِ پاک کی روشن آیتیں علم والوں ہی کے سینوں میں ہیں۔[۵]

## یہ دیکھیے! ہمارے آقا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا ارشاد فرما رہے ہیں:

- اللہ عزوجل جس کے ساتھ بھلائی کا ارادہ فرماتا ہے اُسے ہی علم دین کی دولت عطا فرماتا ہے۔[۶]
- علمِ دین والے قیامت میں گناہ گاروں کی شفاعت فرمائیں گے۔[۷]
- علم والوں کے لیے آسمان و زمین کی مخلوق اللہ عزوجل سے بخشش کی دعائیں مانگتی ہے۔[۸]
- عُلَمَا [علم میں] انبیائے کرام کے وارث ہوتے ہیں۔[۹]
- علم والا مومن، عِبادت گزار مومن پر ستر گنا زیادہ فضیلت رکھتا ہے۔[۱۰]

پیارے بچو! آپ نے مُلَاحَظَہ فرمایا کہ اللہ عزوجل اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے علمِ دین کی کیسی کیسی فضیلتیں بیان فرمائی ہیں۔ لہٰذا آپ کو چاہیے کہ محنت، شوق اور لگن سے علمِ دین حاصل کریں! تاکہ دونوں جہاں کی سعادتیں حاصل ہوں۔

[۱] [سورۂ مجادلہ۔ آیت نمبر:۱۱] [۲] [سورۂ زمر۔ آیت نمبر:۹] [۳] [سورۂ فاطر۔ آیت نمبر:۲۸] [۴] [سورۂ عنکبوت۔ آیت نمبر:۴۳] [۵] [سورۂ عنکبوت۔ آیت نمبر:۴۹]
[۶] [صحیح البخاری، جلدِ اول، کتاب العلم، حدیث نمبر:۷۱] [۷] [السنن لابن ماجہ، حدیث نمبر:۴۳۱۲] [۸] [اتحاف السادۃ المتقین، جلدِ اول، صفحہ نمبر:۷۱]
[۹] [السنن لابن ماجہ۔ ص:۲۰] [۱۰] [کنز العمال، جلدِ اول، صفحہ نمبر:۱۵۵]

## Yeh Dekhiye! Hamaara Qur'an Kya Kah Raha Hai:

- Ilm Walon Ko Allah Azza wa Jall Darjon Buland Farmata Hai.
- Jaahil, Ilm Walon Ke Baraabar Hargiz Nahi Ho Sakte.
- Ilm Wale Hi Apne Rab Se Darte Hain.
- Qur'ani Misaalen Ilm Wale Hi Samajh Paate Hain.
- Qur'an-e- Paak Ki Raushan Aayatein Ilm Walon Hi Ke Seenon Mein Hain.

## Yeh Dekhiye! Hamare Aaqa Hazrat Muhammad Sallallahu Alaihi Wasallam Kya Irshaad Farma Rahe Hain:

- Allah Azza wa Jall Jis Ke Sath Bhalaai Ka Iraadah Farmata Hai Use Hi Ilm-e- Deen Ki Daulat Ataa Farmata Hai.
- Ilm-e- Deen Wale Qayaamat Mein Gunaah Gaaron Ki Shafa'at Farmayenge.
- Ilm Walon Ke Liye Aasman-o- Zameen Ki Makhlooq Allah Se Bakhshish Ki Duayein Mangti Hai.
- Ulamaa( Ilm Mein) Ambiyaa-e- Kiraam Ke Waaris Hote Hain.
- Ilm Wala Momin, Ibaadat Guzaar Momin Par Sattar Guna Ziyaadah Fazeelat Rakhta Hai.

Pyaare Bachcho! Aap Ne Mulahazah Farmayaa Ki Allah Azza wa Jall Aur Huzoor Sallallahu Alaihi Wasallam Ne Ilm-e-Deen Ki Kaisi Kaisi Fazeelatein Bayaan Farmaai Hain. Lihaaza Aap Ko Chahiye Ki Mehnat, Shauq Aur Lagan Se Ilm-e-Deen Hasil Karein! Taaki Donon Jahaan Ki Sa'adatein Haasil Hon.

# دوسرا سبق

## سلام کرنے کا طریقہ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

ترجمہ: آپ پر اللہ عزوجل کی طرف سے سلامتی اور اُس کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں!

## جواب دینے کا انداز

وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَبَرَکَاتُہٗ

ترجمہ: آپ پر بھی اللہ عزوجل کی سلامتی اور اُس کی رحمتوں اور برکتوں کا نزول ہو!

## تَعَوُّذْ

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ

ترجمہ: میں مردود شیطان سے اللہ عزوجل کی پناہ چاہتا [ چاہتی ] ہوں۔

## تَسْمِیَۃُ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ترجمہ: اللہ عزوجل کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا۔

## کَلِمۂ طَیِّبْ

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

ترجمہ: اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں۔ محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔

# SECOND LESSON

## SALAAM KARNE KA TARIQAH

**As Salaamu Alaikum Wa Rahmatullahi Wa Barakaatuh.**

Tarjama: Aap Par Allah Azza Wa Jall Ki Taraf Se Salaamati Aur Uski Rahmatein Wa Barkatein Naazil Hon!

## JAWAAB DENE KA ANDAAZ

**Wa Alaikumus Salaam Wa Rahmatullahi Wa Barakaatuh.**

Tarjama: Aap Par Bhi Allah Azza Wa Jall Ki Taraf Se Salaamati Aur Uski Rahmaton Aur Barkaton Ka Nuzool Ho!

## TA'AWWUZ

**A'uozu Billahi Minash Shaitaanir Rajeem.**

Tarjama: Main Mardood Shaitaan Se Allah Azza Wa Jall Ki Panaah Chaahta/ Chaahti Hoon.

## TASMIYAH

**Bismillaahir Rahmaanir Raheem.**

Tarjma: Allah Azza Wa Jall Ke Naam Se Shuroo Jo Nihaayat Meharbaan Raham Wala.

## KALIMAY-E-TAYYIB

**Laa Ilaaha Illallahu Muhammadur Rasoolullah.**

Tarjma: Allah Ke Siwaa Koi Ma'abood-e-Barhaq Nahi. Muhammad Sallallahu Alaihi Wasallam Allah Ke Rasool Hain.

## کَلِمَۂ شَہَادَتْ

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔

ترجمہ: میں گواہی دیتا[دیتی] ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے، اُس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا[دیتی] ہوں کہ حضرت سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اُس کے خاص بندے اور اُس کے رسول ہیں۔

## درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰينَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ سَيِّدِنَا وَمَوْلٰينَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ

ترجمہ: اے اللہ! ہمارے آقا و مولا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اور اُن کی آلِ پاک پر درود و سلام کی بارش نازل فرما۔

## دُرُودِ پاک

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوةُ وَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَاقَاسِمَ رِزْقِ اللّٰهِ

وَ عَلٰٓى اٰلِكَ وَ أَصْحَابِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ

## KALIMAY-E-SHAHAADAT

**Ash-Hadu Allaa Ilaaha Illallahu Wahdahu Laa Shareeka Lahu Wa Ash- Hadu Anna Muhammadan Abduhu Wa Rasooluh.**

Tarjama: Main Gawaahi Deta/ Deti Hoon Ki Allah Ta'ala Ke Siwaa Koi Ma'abood Nahi, Woh Tanhaa Hai, Uska Koi Shareek Nahi Aur Main Gawaahi Deta/Deti Hoon Ki Hazrat Muhammad Sallallahu Alaihi Wasallam Uske Khaas Bande Aur Uske Rasool Hain.

## DUROOD SHAREEF

**Allahumma Salli Alaa Sayyidina Wa Maulaana Muhammadinw Wa Alaa Aali Sayyidina Wa Maulaana Muhammadinw Wabaarik Wa Sallim.**

Tarjama: Aye Allah! Hamaare Aaqaa Wa Maulaa Hazrat Muhammad Sallallahu Alaihi Wasallam Aur Unki Aale Paak Par Durood-o-Salaam Ki Baarish Naazil Farmaa!

## DUROOD-E-PAAK

**Assalaatu Wassalaamu Alaika Yaa Rasoolallah**

**Assalaatu Wassalaamu Alaika Yaa Nabiyyallah**

**Assalaatu Wassalaamu Alaika Yaa Habeeballah**

**Assalaatu Wassalaamu Alaika Yaa Qaasima Rizqillah**

**Wa Alaa Aalika Wa As'haabika Yaa Rasoolallah**

**Sallallahu Alaihi Wasallam**

# تیسرا سبق

## ہمارا رب اللہ عزّوجلّ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ہم مسلمان ہیں۔ ہم اُس ایک خدا کی عبادت کرتے ہیں جس نے:

- ساری کائنات کو پیدا فرمایا۔
- جس کی نہ کوئی ابتدا ہے اور نہ کوئی انتہا۔
- جو ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔
- جو ماں باپ، بھائی بہن اور بیٹا بیٹی سے پاک ہے۔
- جو کھانے پینے، جسم و رُوح اور ہر عیب سے مُنَزَّہ [محفوظ] ہے۔

### ہم اُس ربّ کی عِبادت کرتے ہیں جو:

- زندگی بھی دیتا ہے اور موت بھی۔
- عزت بھی دیتا ہے اور ذِلّت بھی۔
- دولت بھی دیتا ہے اور محتاجی بھی۔
- تکلیف بھی دیتا ہے اور راحت بھی۔
- ظاہر بھی دیکھتا ہے اور باطن بھی۔

# THIRD LESSON

## HAMAARA PYAARA RAB AZZA WA JALL

**Al- Hamdu Lillah Ham Musalman Hain. Ham Us Ek Khuda Ki Ibaadat Karte Hain Jis Ne:**

- Saari Kayenaat Ko Paida Farmaya.
- Jis Ki Na Koi Ibtida Hai Aur Na Koi Intiha.
- Jo Hamesha Se Hai Aur Hamesha Rahega.
- Jo Maa Baap, Bhai Bahen Aur Beta Beti Se Paak Hai.
- Jo Khane Peene, Jism-o-Rooh Aur Har Aib Se Munazzah Hai.

### Ham Us Rab Ki Ibaadat Karte Hain Jo:

- Zindagi Bhi Deta Hai Aur Maut Bhi.
- Izzat Bhi Deta Hai Aur Zillat Bhi.
- Daulat Bhi Deta Hai Aur Muhtaaji Bhi.
- Takleef Bhi Deta Hai Aur Raahat Bhi.
- Zaahir Bhi Dekhta Hai Aur Baatin Bhi.

## ہم اُس اللہ کی بندگی کرتے ہیں:

- جس کی ہر بات نرالی ہے اور ہر شان انوکھی۔
- عالَم کی ہر چیز اُس کی محتاج ہے، مگر وہ خود کسی کا محتاج نہیں۔
- جس کے سِوا کائنات کی کوئی بھی شے عبادت کے لائق نہیں۔
- یہ چاند، سورج اور دیو، شیطان پرستش [پوجا] کے حق دار نہیں۔
- یہ دریا، پیڑ، بُت اور مُجسّمے [موتیاں] بندگی کے مستحق نہیں۔

## ہم اُس معبود کو سجدے کرتے ہیں جو:

- تنہا سارے عالَم کا مالک و مختار ہے۔
- جس کی مرضی کے بغیر ایک پتہ بھی ہِل نہیں سکتا۔
- جس کے حکم و فیصلے کو کوئی ٹال نہیں سکتا۔
- جس کو نہ نیند آتی ہے نہ ہی اونگھ۔
- جس کے علم و قدرت سے کوئی شے خارج نہیں۔

اِسی ربّ کو ہم اَللّٰہُ ۔ رَحْمٰنُ ۔ رَحِیْمُ ۔ کَرِیْمُ ۔ سَتَّارُ ۔ وَهَّابُ اور رَزَّاقُ۔ جیسے پاکیزہ ناموں سے پکارتے ہیں۔

## Ham Us Allah Ki Bandagi Karte Hain:

- Jis Ki Har Baat Niraali Hai Aur Har Shaan Anokhi.
- Aalam Ki Har Cheez Us Ki Muhtaaj Hai, Magar Woh Khud Kisi Ka Muhtaaj Nahi.
- Jis Ke Siwa Kayenaat Ki Koi Bhi Shai Ibaadat Ke Layaq Nahi.
- Yeh Chaand, Suraj Aur Dev, Shaitan Prastish Ke Haqdaar Nahi.
- Yeh Darya, Ped, But Aur Mujassame Bandagi Ke Mustahiq Nahi.

## Ham Us Ma'abood Ko Sajde Karte Hain Jo:

- Tanhaa Saare Aalam Ka Maalik-o-Mukhtaar Hai.
- Jis Ki Marzi Ke Baghair Ek Patta Bhi Nahi Hil Sakta.
- Jis Ke Hukm-o-Faisle Ko Koi Taal Nahi Sakta.
- Jis Ko Na Neend Aati Hai Aur Na Hi Uongh.
- Jis Ke Ilm-o-Qudrat Se Koi Cheez Kharij Nahi.

Isi Rab Ko Ham Allah, Rahman, Raheem, Kareem, Sattaar, Wahhaab, Razzaaq, Jaise Pakeeza Naamon Se Pukarte Hain.

# چوتھا سبق

## ہمارے پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

اللہ تبارک وتعالیٰ کا بے پناہ شکر واحسان، کہ اُس نے ہمیں اپنے آخری نبی حضرت سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں پیدا فرمایا۔

### ہم ایسے نبیِّ محترم کا کلمہ پڑھتے ہیں:

- جن کے نور سے ساری کائنات کو پیدا کیا گیا۔
- جِن کو خاتم النبیین [ آخری نبی ] بنا کر بھیجا گیا۔
- جو اللہ عزوجل کی عطا سے سارے عالَم کے حاکم وآقا ہیں۔
- پہاڑوں اور دریاؤں پر جن کی حکم رانی ہے۔
- کائنات کا ذرّہ ذرّہ جن کی نگاہوں کے سامنے ہے۔

### ہم اُس رسولِ مُعَظَّم کے گُن گاتے ہیں:

- جن کے حسن وجمال کا کوئی جواب نہیں۔
- جن کی جود وسخا اور علم وحکمت کی کوئی مثال نہیں۔
- جن کی حقیقت کو رب کے سوا کوئی جانتا نہیں۔
- کمالات وخوبیوں میں جن کا کوئی ثانی نہیں۔
- خدا کے نزدیک جن سے زیادہ کوئی مُعزَّز [ عزت والا ] نہیں۔

# FOURTH LESSON

## HAMAARE PYAARE NABI
Sallallahu Alaihi Wasallam

Allah Tabaarak Wa Ta'ala Ka Bepanaah Shukr -o- Ehsaan, Ki Usne Hamein Apne Aakhiri Nabi Hazrat Sayyeduna Muhammad Mustafa Sallallahu Alaihi Wasallam Ki Ummat Mein Paida Farmaya.

**Ham Aise Nabi e Mohtaram Ka Kalimah Padhhte Hain:**

- Jin Ke Noor Se Saari Kayenaat Ko Paida Kiya Gaya.
- Jin Ko Khatamunnabiyyeen(Aakhiri Nabi) Bana Kar Bheja Gaya.
- Jo Allah Azza Wa Jall Ki Ataa Se Saare Aalam Ke Haakim-o-Aaqaa Hain.
- Pahadon Aur Daryaon Par Jin Ki Hukmarani Hai.
- Kayenaat Ka Zarra Zarra Jin Ki Nigahon Ke Saamne Hai.

**Ham Us Rasool-e- Muazzam Ke Gun Gaate Hain:**

- Jin Ke Husn-o-Jamaal Ka Koi Jawaab Nahi.
- Jin Ki Jood-o-Sakhaa Aur Ilm o Hikmat Ki Koi Misaal Nahi.
- Jin Ki Haqeeqat Ko Rab Ke Siwa Koi Janta Nahi.
- Kamaalaat-o- Khoobiyon Mein Jin Ka Koi Saani Nahi.
- Khuda Ke Nazdeek Jin Se Ziyaadah Koi Muazzaz (Izzat Wala) Nahi.

## ہم اُس رسولِ مُحتَشَم کے غلام ہیں:

- جن کے بدنِ ناز کی مہک، مشک وعنبر سے زیادہ۔
- جن کا چہرۂ والضُّحیٰ چاند سورج سے زیادہ روشن۔
- جن کی اطاعت خدا کی بندگی۔
- جن کی الفت ایمان کی زندگی۔
- جن کی غلامی بادشاہت سے اونچی۔

## ہم اُس نَبیِّ مُکَرَّم کے نام لیوا ہیں:

- درختوں اور جانوروں نے جن کو سجدے کیے۔
- کنکروں اور پتھروں نے جنھیں سلام کیا۔
- جن کے اَدنیٰ اشارے پر چاند دو ٹکڑے ہوا۔
- جن کی خواہش پر ڈوبا ہوا سورج پلٹ آیا۔
- جن کی پاکیزہ انگلیوں سے پانی کے چشمے جاری ہوئے۔
- جن کے لُعابِ دہن سے لوگوں کو لاعلاج بیماریوں سے نجات ملی۔

حاصل یہ ہے کہ ہمارے پیارے نبی خلاصۂ کائنات بھی ہیں اور رحمۃ للعالمین بھی۔ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

## Ham Us Rasool-e-Mohtasham Ke Ghulaam Hain:

- Jin Ke Badan-e-Naaz Ki Mahak Mushk-o-Ambar Se Ziyaadah.
- Jin Ka Chehra-e-Wadduha Chand Suraj Se Ziyadah Raushan.
- Jin Ki Itaa'at Khuda Ki Bandagi.
- Jin ki ulfat imaan ki zindagi.
- Jin Ki Ghulaami Baadshaahat Se Uonchi.

## Ham Us Nabiyye Mukarram Ke Naam Lewaa Hain:

- Darakhton Aur Jaanwaron Ne Jin Ko Sajde Kiye.
- Kankaron Aur Pattharon Ne Jinhein Salaam Kiya.
- Jin Ke Adnaa Ishaare Par Chand Do Tukde Huwa.
- Jin Ki Khaahish Par Dooba Huwa Suraj Palat Aaya.
- Jin Ki Pakiza Ungliyon Se Paani Ke Chashme Jaari Huye.
- Jin Ke Lu'aab-e-Dahan Se Logon Ko Laa Ilaaj Bimaariyon Se Nijaat Mili.

Haasil Yeh Hai Ki Hamaare Nabi Khulaasa-e- Kaainaat Bhi Hain Aur Rahmatul Lil Aalameen Bhi.

( Sallallaahu Alaihi Wasallam).

# پانچواں سبق

## ہمارا پیارا دین

پیارے بچو! ہمارا دین، اسلام ہے۔ یہ دین اللہ تبارک وتعالیٰ کا ایسا قانون ہے جو قیامت تک دنیا میں بسنے والے تمام انسانوں کی کامیابی کا ذریعہ ہے۔ خدائے واحد وقُدّوس کی بارگاہ میں "اسلام" کے علاوہ کوئی بھی دین قابلِ قبول نہیں۔ اسلام سب سے اچھا دین ہے؛ کیوں کہ اِس کی خوبیاں بے مثال ہیں۔

### اسلام سب سے اچھا دین اِس لیے ہے کہ:

- یہ تمام انسانوں کو خالص توحید [خدا کو ایک ماننے] کی دعوت دیتا ہے۔
- شرک وکفر اور ہر حرام کام سے بچنا ضروری قرار دیتا ہے۔
- لوگوں کو اچھے اَخلاق اور عمدہ صِفات کی تعلیم دیتا ہے۔
- سچائی، محبت، وفاداری اور صبر وشکر کا درس دیتا ہے۔
- ظلم، سرکشی، بے جانفرت اور دہشت گردی سے سختی کے ساتھ روکتا ہے۔

### ہمارا پیارا اسلام کہتا ہے کہ:

- خدائے بزرگ وبرتر ایک ہے اور اُس کے تمام نبی ورسول برحق ہیں۔
- خدا کی نازل کی ہوئی تمام کتابیں سچی ہیں۔
- فرشتے اُس کی نوری اور جنّات اس کی ناری مخلوق ہیں۔
- اچھی اور بری تقدیر اُسی کی جانب سے ہے۔
- قیامت حق اور مرنے کے بعد دوبارہ زندہ ہونا سچ ہے۔

# FIFTH LESSON

## Hamaara Pyaara Deen

Pyare Bachcho! Hamaara Deen, Islam Hai. Yeh Deen Allah Tabaarak Wa Ta'ala Ka Aisa Qanoon Hai Jo Qayaamat Tak Duniya Mein Basne Wale Tamaam Insaanon Ki Kamyaabi Ka Zariya Hai. Khudaye Waahid -o- Quddoos Ki Bargaah Mein "Islam" Ke Ilaawah Koi Bhi Deen Qaabil-e-Qabool Nahi. Islam Sab Se Achchhaa Deen Hai; Kyon Ki Is Ki Khoobiyaan Be Misaal Hain.

### Islam Sab Se Achchha Deen Is Liye Hai Ki:

- Yeh amaam Insaanon Ko Khalis Tauheed(Khuda ko Ek Manne) Ki Daawat Deta Hai.
- Shirk-o-Kufr Aur Har Haraam Kaam Se Bachna Zaroori Qaraar Deta Hai.
- Logon Ko Achchhe Akhlaaq Aur Umdah Sifaat Ki Taaleem Deta Hai.
- Sachchaai, Muhabbat, Wafaadari Aur Sabr-o-Shukr Ka Dars Deta Hai.
- Zulm, Sarkashi, Bejaa Nafrat Aur Dahshat Gardi Se Sakhti Ke Sath Rokta Hai.

### Hamaara Pyaara Islam Kahta Hai Ki:

- Khuda-e-Buzrug-o-Bartar Ek Hai Aur Us Ke Tamam Nabi Wa Rasool Barhaq Hain.
- Khuda Ki Naazil Ki Hui Tamaam Kitabein Sachchi Hain.
- Farishte Uski Noori Aur Jinnaat Uski Naari Makhlooq Hain.
- Achchhi Aur Buri Taqdeer Usi Ki Jaanib Se Hai.
- Qayaamat Haq Aur Marne Ke Baad Dobaarah Zindah Hona Sach Hai.

## اسلام کی تعلیمات میں سے یہ ہے کہ:

- ہر عاقل و بالغ مسلمان پر روزانہ پانچ نمازیں فرض ہیں۔
- ہر عاقل و بالغ مومن پر ماہِ رمضان کے روزے فرض ہیں۔
- صاحبِ نصاب پر سال میں اپنے مال کی زکاۃ نکالنا ضروری ہے۔
- صاحبِ استطاعت پر حجِّ بیت اللہ کرنا فرض ہے۔
- جو مومن اِن میں سے کسی ایک کی بھی فرضیت کا انکار کرے، وہ کافر ہے۔

## اسلام کی خوبیوں میں سے ہے کہ اِس نے:

- ہر قسم کی خرافات سے منع کیا ہے۔
- تمام جرائم سے نفرت و بیزاری کا اعلان کیا ہے۔
- زنا، چوری، چغلی، غیبت، بے حیائی اور بدزبانی سے روکا ہے۔
- شراب، نشہ، سود، رشوت اور جوے کو حرام قرار دیا ہے۔
- ہر قسم کی فضول و بے ہودہ باتوں کی کوئی گنجائش نہیں رکھی ہے۔

## Islam Ki Taaleemaat Mein Se Yeh Hai Ki:

- Har Aaqil-o-Baaligh Musalmaan Par Rozaana Paanch Namaazen Farz Hain.
- Har Aaqil-o- Baaligh Momin Par Maah-e- Ramazaan Ke Roze Farz Hain.
- Saahib-e-Nisaab Par Saal Mein Apne Maal Ki Zakaat Nikaalna Zaroori Hai.
- Saahib-e-Istetaa'at Par Hajj-e-Baitullah Karna Farz Hai.
- Jo Momin In Mein Se Kisi Ek Ki Bhi Farziyyat Ka Inkaar Kare, Woh Kaafir Hai.

## Islam Ki Khoobiyon Mein Se Hai Ki Isne:

- Har Qism Ki Khuraafaat Se Mana Kiya Hai.
- Tamaam Jaraa'im Se Nafrat-o-Bezaari Ka Elaan Kiya Hai.
- Zina, Chori, Chughli, Gheebat, Behayaai Aur Badzabaani Se Roka Hai.
- Sharaab, Nashaa, Sood, Rishwat Aur Juwe Ko Haraam Qaraar Diya Hai.
- Har Qism Ki Fuzool-o-Behoodah Baaton Ki Koi Gunjaa'ish Nahi Rakhi Hai.

## اِسلام کا ہم سے یہ مطالبہ ہے کہ ہم:

- اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سے سب سے زیادہ محبت کریں۔
- تمام نبیوں اور رسولوں کی تہِ دل سے تعظیم کریں۔
- بزرگانِ دین اور مشائخِ کرام کی اطاعت [پیروی] کریں۔
- ماں باپ کی خدمت اور بڑوں کا ادب واحترام کریں۔
- پڑوسیوں اور تمام انسانوں کے حقوق ادا کریں۔

پیارے بچو! یہ وہ خوبیاں ہیں جو سوائے مذہبِ اسلام کے کہیں اور نہیں پائی جاتیں۔ اِس لیے ہمارا مذہب ہی سچا اور خدا کا پسندیدہ مذہب ہے۔ اے اللہ! ہمیں اسلام پر ثابت قدم فرما! آمین۔

## حدیثِ پاک

اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

إِنَّ اللهَ وَمَلاَئِكَتَهُ وَأَهْلَ السَّمَوَاتِ وَالأَرْضِ حَتَّى النَّمْلَةَ فِي جُحْرِهَا وَحَتَّى الْحُوتَ لَيُصَلُّونَ عَلَى مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ ۔ (جامع ترمذی، باب ماجاء فی فضل الفقہ، ص:385)

ترجمہ: بے شک اللہ تعالیٰ، اس کے فرشتے، آسمانوں اور زمینوں کی مخلوق، حتی کہ چیونٹی اپنے سوراخ میں اور مچھلی دریا میں لوگوں کو نیکی سکھانے والوں کے لیے رحمت کی دعا مانگتے ہیں۔

## Islam Ka Ham Se Yeh Mutaalba Hai Ki Ham:

- Allah Ke Rasool Sallallahu Alaihi Wasallam Se Sab Se Ziyaadah Muhabbat Karein.
- Tamaam Nabiyon Aur Rasoolon Ki Tahe Dil Se Taazeem Karein.
- Buzugaan-e-Deen Aur Masha'ikh-e-Kiraam Ki Itaa'at (Pairavi) Karein.
- Maa Baap Ki Khidmat Aur Badon Ka Adab-o- Ehteraam Karein.
- Padosiyon Aur Tamaam Insaanon Ke Huqooq Adaa Karein.

Pyaare Bachcho! Yeh Woh Khoobiyaan Hain Jo Siwaaye Mazhab-e-Islam Ke Kahin Aur Nahi Paayi Jaateen. Is Liye Hamaara Mazhab Hi Sachcha Aur Khuda Ka Pasandidah Mazhab Hai. Aye Allah! Hamein Islam Par Sabit Qadam Farma! Aameen.

## HADEESE PAAK

**Allah Ke Rasool** Sallallahu Alaihi Wasallam **Ne Farmaya:**

إِنَّ اللهَ وَمَلَائِكَتَهُ وَأَهْلَ السَّمٰوَاتِ وَالأَرْضِ حَتَّى النَّمْلَةَ فِي جُحْرِهَا
وَحَتَّى الْحُوتَ لَيُصَلُّونَ عَلَى مُعَلِّمِ النَّاسِ الْخَيْرَ۔ (جامع ترمذی، باب ماجاء فی فضل الفقہ، ص:385)

Tarjamah: Beshak Allah Ta'ala, Uske Farishte, Aasmanon Aur Zameenon Ki Makhlooq, Yahaan Tak Ki Chiyonti Apne Soorakh Aur Machhli Daryaa Mein Logon Ko Neki Sikhane Walon Ke Liye Rahmat Ki Dua Maangte Hain.

# چھٹا سبق

## ہماری دینی کتاب

پیارے بچو! ہماری دینی کتاب "قرآنِ مُقدّس" ہے، جسے اللہ ربُّ العزّت نے عربی زبان میں ، فرشتوں کے سردار حضرت سیدنا جبریلِ اَمین علیہ السّلام کے ذریعے ، اپنے حبیب حضرت سیدنا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر ۲۳ رسال کی مُدّت میں نازل فرمایا۔

### اِس کتابِ مُبین کی شان یہ ہے کہ یہ:

- اللہ عزوجلّ کا کلامِ قدیم ہے۔
- فصاحت و بلاغت میں بے نظیر ہے۔
- تمام مخلوق ایسا کلام لانے سے عاجز ہے۔
- اِس میں کمی اور بیشی نہیں کی جاسکتی۔
- یہ عالَم کی واحد محفوظ کتاب ہے۔

### یہ ایسی پاکیزہ کتاب ہے کہ اِس میں:

- ماضی [پاسٹ] کی خبریں بھی ہیں اور مستقبل [فیوچر] کی پیش گوئیاں بھی۔
- جنت کی نعمتوں کا ذکر بھی ہے اور دوزخ کے عذاب کا تذکرہ بھی۔
- انبیاے کرام کا ذکر بھی ہے اور حقائقِ عالَم [ہر شے کی حقیقت] کا بیان بھی۔
- عبادات و مُعامَلات کا بیان بھی ہے اور اَخلاق و آداب کا ذکر بھی۔
- حلال و حرام کی وضاحت بھی ہے اور ہدایت دینے والے اصول [اصل کی جمع، قانون] کی تفصیل بھی۔

# SIXTH LESSON

## HAMARI DEENI KITAAB

Pyaare Bachcho! Hamaari Deeni Kitaab " Qur'an-e-Muqaddas" Hai, Jise Allah Rabbul Izzat Ne Arabi Zaban Mein, Farishton Ke Sardar Hazrat Sayyeduna Jibreel-e- Ameen Alaihis Salaam Ke Zariye, Apne Habeeb Hazrat Sayyeduna Muhammad Mustafaa Sallallahu Alaihi Wasallam Par, 23/ Saal Ki Muddat Mein Naazil Farmayaa.

**Is Kitaab-e-Mubeen Ki Shaan Yeh Hai Ki Yeh:**

- Allah Azza Wa Jall Ka Kalaam-e-Qadeem Hai.
- Fasaahat-o-Balaaghat Mein Be Nazeer Hai.
- Tamaam Makhlooq Aisa Kalaam Laane Se Aajiz Hai.
- Is Mein Kamee Aur Beshee Nahi Ki Ja Sakti.
- Yeh Aalam Ki Waahid Mahfooz Kitab Hai.

**Yeh Aisi Paakizah Kitaab Hai Ki Is Mein:**

- Maazee [Past] Ki Khabrein Bhi Hain Aur Mustaqbil [Future] Ki Pesh Goiyaan Bhi.
- Jannat Ki Nematon Ka Zikr Bhi Hai Aur Dozakh Ke Azaab Ka Tazkira Bhi.
- Ambiyaaye Kiraam Ka Zikr Bhi Hai Aur Haqaaiq-e-Aalam [ Har Cheez Ki Haqiqat] Ka Bayaan Bhi.
- Ibaadaat-o-Mu'aamalaat Ka Bayaan Bhi Hai Aur Akhlaaq-o- Aadaab Ka Zikr Bhi.
- Halaal-o-Haraam Ki Wazaahat Bhi Hai Aur Hidaayat Dene Wale Usool [ Asl Ki Jamaa, Qanoon] Ki Tafseel Bhi.

## یہ ایسی عظیم الشان کتاب ہے کہ:

- اِس میں کسی کے لیے شک وشبہ کی کوئی گنجائش نہیں۔
- اِس کی ایک آیت میں بھی شک کرنے والا کافر ہے، ہرگز مومن نہیں۔
- یہ دینِ اسلام کی اَساس اور بنیاد ہے۔
- یہ، ربِّ ذوالجلال تک پہنچنے کا وسیلہ ہے۔
- یہ، دلوں کے زنگ کا مکمَّل عِلاج ہے۔

## اِس میں شک نہیں کیا جاسکتا کہ:

- اِس کی ہر آیت رسولُ اللہ کا "مُعجِزَہ" ہے۔
- اِس کی تعظیم کرنا اللہ عزوجل کی تعظیم کرنا ہے۔
- جو اِس سے محبت کرے گا جنت میں داخل ہوگا۔
- جو اِس سے منہ موڑے گا دوزخ میں ڈالا جائے گا۔
- اِس کا دیکھنا، تلاوت کرنا اور سننا سب عبادت ہے۔

پیارے بچو! اِس عظیم الشان کتاب کو "اَلْفُرْقَانُ، اَلتَّنْزِیْلُ، اَلذِّکْرُ، اَلْکِتَابُ، اَلشِّفَا" بھی کہتے ہیں۔ اِس کا ہم پر یہ حق ہے کہ ہم اِس سے محبت کریں، تجوید کے ساتھ اِس کی تلاوت کریں اور اِس کی تعلیمات پر عمل کریں۔

## Yeh Aisi Azeemush Shaan Kitaab Hai Ki:

- Is Mein Kisi Ke Liye Shak-o-Shub'ha Ki Koi Gunjaa'ish Nahi.
- Is Ki Ek Aayat Mein Bhi Shak Karne Wala Kaafir Hai, Hargiz Momin Nahi.
- Yeh Deen-e-Islam Ki Asaas Aur Buniyaad Hai.
- Yeh, Rabb-e-Zuljalaal Tak Pahunchne Ka Waseela Hai.
- Yeh, Dilon Ke Zang Ka Mukammal Ilaaj Hai.

## Is Mein Shak Nahi Kiya Ja Sakta Ki:

- Is Ki Har Aayat Rasoolullah Ka "Mo'jizah" Hai.
- Is Ki Taazeem Karna Allah Azza Wa Jall Ki Taazeem Karna Hai.
- Jo Is Se Muhabbat Karega Woh Jannat Mein Dakhil Hoga.
- Jo Is Se Munh Modega Dozakh Mein Daala Jaayega.
- Is Ka Dekhna, Tilaawat Karna Aur Sun'na Sab Ibaadat Hai.

Pyaare Bachcho! Is Azeemush Shaan Kitaab Ko
"Al- Furqaan, At- Tanzeel, Az- Zikr, Al- Kitaab, Ash- Shifaa"
Bhi Kahte Hain. Is Ka Ham Par Yeh Haq Hai Ki Ham
Is Se Muhabbat Karein, Tajweed Ke Saath Is Ki Tilaawat
Karein Aur Is Ki Taaleemaat Par Amal Karein.

# ساتواں سبق

## حمدِ باری تعالیٰ

لَا مَوْجُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ      لَا مَشْھُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ
لَا مَقْصُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ      لَا مَعْبُوْدَ اِلَّا اللّٰہُ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ آمَنَّا بِرَسُوْلِ اللّٰہ
حَسْبِیْ رَبِّیْ جَلَّ اللّٰہُ      مَا فِیْ قَلْبِیْ غَیْرُ اللّٰہُ
حَقْ حَقْ حَقْ اللّٰہُ اللّٰہُ      رَبْ رَبْ رَبْ سُبْحَانَ اللّٰہُ
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ آمَنَّا بِرَسُوْلِ اللّٰہ
اللہ واحد و یکتا ہے      ایک خدا بس تنہا ہے
کوئی نہ اس کا ہمتا ہے      ایک ہی سب کی سنتا ہے
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ آمَنَّا بِرَسُوْلِ اللّٰہ
ھُوْھُوْ، ھُوْھُوْ، ھُوْھُوْ، ھُوْ      اَللّٰہُ ھُوْ اَللّٰہُ ھُوْ
تیرا جلوہ ہے ہر سو      تو ہی تو ہے تو ہی تو
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ آمَنَّا بِرَسُوْلِ اللّٰہ

# SEVENTH LESSON

## HAMD-E-BAARI TA'ALA

Laa Maujooda Illallah　Laa Mash'hooda Illallah
Laa Maqsooda Illallah　Laa Ma'abooda Illallah
Laa Ilaaha Illallah Aamanna Bi Rasoolillah

Hasbi Rabbi Jallallah　Maa Fi Qalbi Ghairullah
Haq Haq Haq Allah Allah　Rab Rab Rab Subhaanallah
Laa Ilaaha Illallah Aamanna Bi Rasoolillah

Allah Waahid -o- Yaktaa Hai　Ek Khudaa Bas Tanhaa Hai
Koi Na Uska Hamtaa Hai　Ek Hi Sab Ki Sunta Hai
Laa Ilaaha Illallah Aamanna Bi Rasoolillah

Hu Hu, Hu Hu, Hu Hu, Hu　Allahu Hu Allah Hu
Tera Jalwah Hai Har Su　Tu Hi Tu Hai Tu Hi Tu
Laa Ilaaha Illallah Aamanna Bi Rasoolillah

## قصیدۂ بُردہ شریف

مَوْلَایَ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا ... عَلٰی حَبِیْبِكَ خَیْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ
اَمِنْ تَذَكُّرِ جِیْرَانٍ بِذِیْ سَلَمِ ... مَزَجْتَ دَمْعًا جَرٰی مِنْ مُقْلَةٍ بِدَمِ
مُحَمَّدٌ سَیِّدُ الْكَوْنَیْنِ وَ الثَّقَلَیْنِ ... وَالْفَرِیْقَیْنِ مِنْ عُرْبٍ وَّ مِنْ عَجَمِ
هُوَ الْحَبِیْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ ... لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْأَهْوَالِ مُقْتَحَمِ
فَاقَ النَّبِیِّیْنَ فِیْ خَلْقٍ وَّ فِیْ خُلُقٍ ... وَلَمْ یُدَانُوْهُ فِیْ عِلْمٍ وَّ لَا كَرَمِ
فَإِنَّ مِنْ جُوْدِكَ الدُّنْیَا وَ ضَرَّتَهَا ... وَمِنْ عُلُوْمِكَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ
یَا رَبِّ بِالْمُصْطَفٰی بَلِّغْ مَقَاصِدَ نَا ... وَاغْفِرْ لَنَا مَا مَضٰی یَا وَاسِعَ الْكَرَمِ

## نعتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

طَلَعَ الْبَدْرُ عَلَیْنَا ... مِنْ ثَنِیَّاتِ الْوَدَاعِ
وَجَبَ الشُّكْرُ عَلَیْنَا ... مَا دَعَا لِلّٰهِ دَاعِ
اَیُّهَا الْمَبْعُوْثُ فِیْنَا ... جِئْتَ بِالْأَمْرِ الْمُطَاعِ
اَنْتَ شَرَّفْتَ الْمَدِیْنَهْ ... مَرْحَبًا یَا خَیْرَ دَاعِ

## QASEEDA-E-BURDAH SHAREEF

Maula Ya Salli Wa Sallim Daiman Abadan
Alaa Habeebika Khairil Khalqi Kullihimi
A Min Tazakkuri Jeeranim Bizi Salami
Mazajta Dam'an Jaraa Mim Muqlatim Bidami
Muhammadun Sayyidul Kaunaini Wassaqalaini
Wal Fariqaini Min Urbinw Wa Min Ajami
Huwal Habeebul Lazi Turjaa Shafaa'atuhu
Likulli Haulim Minal Ahwaali Muqtahami
Faaqan Nabiyyeena Fi Khalqiwn Wa Fi Khuluqi
Walam Yudanoohu Fi Ilminw Wa Laa Karami
Fa Inna Min Joodikad Dunya Wa Darratahaa
Wa Min Uloomika Ilmal Lauhi Wal Qalami
Yaa Rabbi Bil Mustafaa Balligh Maqaasidanaa
Wagh Fir Lanaa Maa Mazaa Yaa Wasi'al Karami

## NAATE RASOOL-E-AKRAM SALLALLAHU ALAIHI WASALLAM

Tala'al Badru Alainaa — Min Saniyyatil Wadaai
Wajabash Shukru Alainaa — Maa Da'aa Lillahi Daai
Ayyuhal Mab'uoosu Feenaa — Ji'ta Bil Amril Mutaai
Anta Sharraftal Madeenah — Marhabaa Yaa Khaira Daai

## نعتِ رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

چمک تجھ سے پاتے ہیں سب پانے والے
مِرا دل بھی چمکا دے چمکانے والے
برستا نہیں دیکھ کر ابرِ رحمت
بدوں پر بھی برسا دے برسانے والے
تو! زندہ ہے واللہ تو! زندہ ہے واللہ
میرے! چشمِ عالم سے چھپ جانے والے
میں مجرم ہوں آقا ! مجھے ساتھ لے لو
کہ رستے میں ہیں جا بجا تھانے والے
حرم کی زمیں اور قدم رکھ کے چلنا
ارے سر کا موقع ہے او جانے والے
رہے گا یوں ہی اُن کا چرچا رہے گا
پڑے خاک ہو جائیں جل جانے والے
رضا نفس دشمن ہے دَم میں نہ آنا
کہاں تو نے دیکھے ہیں چند رانے والے

## NAAT-E-RASOOL-E-AKRAM Sallallahu Alaihi Wasallam

Chamak Tujh Se Paate Hain Sab Paane Wale
Mera Dil Bhi Chamka De Chamkaane Wale

Barasta Nahi Dekh Kar Abr-e-Rahmat
Badon Par Bhi Barsaa De Barsane Wale

Tu! Zinda Hai Wallah Tu! Zinda Hai Wallah
Mere! Chashm-e-Aalam Se Chhup Jaane Wale

Main Mujrim Hoon Aaqaa! Mujhe Saath Lelo
Ki Raste Mein Hain Jaa Bajaa Thane Wale

Haram Ki Zameen Aur Qadam Rakh Ke Chalna
Are Sar Ka Mauqa Hai o Jaane Wale

Rahega Yun Hi Unka Charcha Rahega
Pade Khaak Ho Jayein Jal Jaane Wale

Raza Nafs Dushman Hai Dam Mein Na Aanaa
Kahaan Tune Dekhe Hain Chandrane Wale

# شش ماہی دوم

## آٹھواں سبق

## اسلامی آداب

پیارے بچو! کیا آپ کو پتہ ہے کہ ''اسلامی آداب'' کیا ہیں؟ آیئے! ہم آپ کو اُن کے بارے میں بتاتے ہیں۔ شریعتِ اسلامیہ نے زندگی گزارنے کے جو طریقے بتلائے ہیں اُنھیں ''اسلامی آداب'' کہتے ہیں۔ اِنھیں اختیار کیے بغیر کوئی بھی شخص کامل مسلمان نہیں بن سکتا۔ اِس لیے ہم سب پر اسلامی طور طریقے سے زندگی گزارنا واجب وضروری ہے۔

اب ہم اسلامی آداب کی چند جھلکیاں آپ کے سامنے پیش کر رہے ہیں، تاکہ آپ اُن پر عمل کر کے دارین کی سعادتوں سے مالا مال ہوں!

### اسلامی آداب میں سے یہ ہے کہ آپ:

- رات میں جلد سو جائیں اور صبح کو اٹھ کر فجر کی نماز با جماعت ادا کریں۔
- سونے اور بیدار ہونے کے وقت گھر والوں کو ''سلام'' کریں۔
- گڈ مورننگ یا گڈ نائٹ ہرگز نہ کہیں۔
- بلکہ ''اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهُ'' کہیں۔
- گھر میں داخل ہونے اور نکلنے کے وقت، ہر چھوٹے بڑے کو سلام کریں۔

# SECOND SEMESTER

## EIGHTH LESSON

### ISLAMI AADAAB

Pyaare Bachcho! Kya Aapko Pata Hai Ki " Islami Aadaab" Kya Hain? Aa'iye! Ham Aapko Unke Baare Mein Bataate Hain. Shari'at-e-Islamiyah Ne Zindagi Guzaarne Ke Jo Tareeqe Bataye Hain Unhein " Islami Aadaab" Kahte Hain. Unhein Ikhtiyaar Kiye Baghair Koi Bhi Shakhs Kaamil Musalmaan Nahi Ban Sakta. Is Liye Ham Sab Par Islami Taur Tareeqe Se Zindagi Guzaarna Waajib-o-Zaroori Hai.

Ab Ham Islami Aadaab Ki Kuch Jhalkiyaan Aap Ke Saamne Pesh Kar Rahe Hain, Taaki Aap Un Par Amal Karke Darain Ki Sa'adaton Se Mala Maal Hon!

**Islami Aadaab Mein Se Yeh Hai Ki Aap:**

- Raat Mein Jald Sojayein Aur Subah Ko Uth Kar Fajr Ki Namaaz Ba Jamaa'at Adaa Karein.
- Sone Aur Bedaar Hone Ke Waqt Ghar Walon Ko " Salaam" Karein.
- Good Morning Yaa Good Night Hargiz Na Kahein.
- Balki " Assalaamu Alaikum Wa Rahmatullahi Wa Barakaatuh" Kahein.
- Ghar Mein Dakhil Hone Aur Niklne Ke Waqt, Har Chhote Bade Ko Salaam Karein.

## یہ اسلامی تہذیب میں سے ہے کہ آپ:

- اپنے ماں باپ اور استاد کی دل سے تعظیم کریں۔
- اُن کے سامنے اونچی آواز میں بات نہ کریں۔
- اُن کا حکم [ جو شریعت کے خلاف نہ ہو ] نظر انداز نہ کریں۔
- اُن کی خدمت کرتے رہیں اور اُنھیں ''اُف'' بھی نہ کہیں۔
- بڑوں کی تعظیم اور چھوٹوں پر شفقت کریں۔

## یہ اسلامی تعلیمات میں سے ہے کہ آپ:

- جھوٹ، چغلی، غیبت، گالی گلوج اور گندے مذاق سے بچتے رہیں۔
- ناچنے، گانے، فلم دیکھنے اور جھگڑے فساد سے پرہیز کرتے رہیں۔
- شراب پینے، جوا کھیلنے اور کسی پر ظلم کرنے سے گُریز کرتے رہیں۔
- تکبُّر [ گھمنڈ ]، رِیا کاری اور ہر قسم کی چیخ و پکار سے اجتناب کرتے رہیں۔
- غداری، بے وفائی، الزام تراشی اور ہر حرام کام سے دور رہیں۔

## یہ بھی اسلامی اخلاق کا اٹوٹ حصہ ہے کہ آپ:

- وقت پر اسکول اور مدرسے جائیں۔
- استاد کی سختیوں پر صبر کریں اور اُن کی نصیحتیں قبول کریں۔
- جب اذان ہو تو خاموش ہو کر اُس کا جواب دیں۔

## Yeh Islami Tahezeeb Mein Se Hai Ki Aap:

- Apne Maa Baap Aur Ustad Ki Dil Se Taazeem Karein.
- Unke Saamne Uonchi Aawaaz Mein Baat Na Karein.
- Unka Hukm ( Jo Shari'at Ke Khilaaf Na Ho) Nazar Andaaz Na Karein.
- Unki Khidmat Karte Rahein Aur Unhein "Uff" Bhi Na Kahein.
- Badon Ki Taazeem Aur Chhoton Par Shafqat Karein.

## Yeh Islami Taaleemaat Mein Se Hai Ki Aap:

- Jhoot, Chughli, Gheebat, Gaali Galoj Aur Gande Mazaaq Se Bachte Rahein.
- Naachne, Gaane, Film Dekhne Aur Jhagde Fasaad Se Parhez Karte Rahein.
- Sharaab Peene, Juwa Khelne Aur Kisi Par Zulm Karne Se Gurez Karte Rahein.
- Takabbur( Ghamand), Riyaa Kaari Aur Har Qism Ki Cheekh -o-Pukaar Se Ijtenaab Karte Rahein.
- Ghaddaari, Bewafaai, Ilzaam Taraashi Aur Har Haraam Kaam Se Door Rahein.

## Yeh Bhi Islami Akhlaaq Ka Atoot Hissa Hai Ki Aap:

- Waqt Par School Aur Madrase Jayein.
- Ustaad Ki Sakhtiyon Par Sabr Karein Aur Unki Naseehatein Qubool Karein.
- Jab Azaan Ho To Khaamosh Hokar Uska Jawaab Dein.

- اجازت لیے بغیر کسی کے مکان یا کمرے میں داخل نہ ہوں۔
- دین کے معاملے میں کسی سے کوئی سمجھوتا نہ کریں۔

**پیارے بچو!** اسلامی اخلاق و آداب کے یہ چند نمونے ہیں، اِن کے علاوہ بھی بہت سے آداب ہیں جن کی جانب ان شاء اللہ تعالیٰ اگلے حصوں میں رہ نمائی کی جاے گی۔ اِنھیں یاد کریئے اور سینے سے لگایئے! ان شاء اللہ تعالیٰ دونوں جہاں کی بھلائیاں نصیب ہوں گی۔

## حدیثِ پاک

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ عَلِمَهُ ثُمَّ كَتَمَهُ أُلْجِمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَّارٍ۔

(جامع ترمذی، باب ماجاء فی کتمان العلم، ص:379)

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص نے علم حاصل کیا پھر اسے چھپا لیا یعنی بیان نہ کیا تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے آگ کی لگام ڈالے گا۔

- Ijaazat Liye Baghair Kisi Ke Makaan Yaa Kamre Mein Daakhil Na Hon.
- Deen Ke Mo'aamale Mein Kisi Se Koi Samjhauta Na Karein.

Pyaare Bachcho! Islami Akhlaaq-o- Aadaab Ke Yeh Kuch Namoone Hain, Inke Ilaawah Bhi Bahut Se Aadaab Hain Jin Ki Jaanib In Shaa Allah Ta'ala Agle Hisson Mein Rahnumai Ki Jayegi. Inhein Yaad Kariye Aur Seene Se Laga'iye! In Shaa Allah Dono Jahaan Ki Bhala'iyaan Naseeb Hongi.

## HADEESE PAAK

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سُئِلَ عَنْ عِلْمٍ عَلِمَهُ ثُمَّ كَتَمَهُ أُلْجِمَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِلِجَامٍ مِنْ نَّارٍ۔

(جامع ترمذی، باب ماجاء فی کتمان العلم، ص:379)

Tarjamah: Hazrat Abu Hurairah Radiyallahu Anhu Se Marwi Hai Ki Allah Ke Rasool Sallallahu Alaihi Wasallam Ne Farmaya: Jis Shakhs Ne Ilm Haasil Kiya Phir Use Chhupa Liya Yaani Bayaan Na Kiya To Qayaamat Ke Din Allah Ta'ala Use Aag Ki Lagaam Daalega.

# نواں سبق

## قرآنِ مقدس کی چھوٹی اور مختصر آیتیں

{۱} وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ [۱]

ترجمۂ کنزالایمان: اور اللہ [عزوجل] وسعت والا علم والا ہے۔

{۲} وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ [۲]

ترجمۂ کنزالایمان: اور اللہ [عزوجل] جلد حساب کرلیتا ہے۔

{۳} اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ [۳]

ترجمۂ کنزالایمان: بے شک اللہ [عزوجل] پاک خبردار ہے۔

{۴} اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ [۴]

ترجمۂ کنزالایمان: بے شک اللہ [عزوجل] سنتا دیکھتا ہے۔

{۵} وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ [۵]

ترجمۂ کنزالایمان: اور اللہ [عزوجل] علم وحکمت والا ہے۔

{۶} وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ [۶]

ترجمۂ کنزالایمان: اور اللہ [عزوجل] سنتا جانتا ہے۔

{۷} وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ [۷]

ترجمۂ کنزالایمان: اور اللہ [عزوجل] سب کچھ جانتا ہے۔

۱ [پارہ:۱۸۔سورۂ نور: آیت نمبر:۳۲]
۲ [پارہ:۱۸۔سورۂ نور: آیت نمبر:۳۹]
۳ [پارہ:۱۷۔سورۂ حج۔آیت نمبر:۶۳]
۴ [پارہ:۱۷۔سورۂ حج، آیت نمبر:۷۵]
۵ [پارہ:۱۸، سورۂ نور، آیت نمبر:۱۸]
۶ [پارہ۱۸، سورۂ نور، آیت نمبر:۲۱]
۷ [پارہ۱۸، سورۂ نور، آیت نمبر:۳۵]

# NINTH LESSON

## QUR'AN-E-MUQADDAS KI CHHOTI AUR MUKHTASAR AAYATEIN

**(1)** وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Aur Allah Azza Wa Jall Wus'at Wala Ilm Wala Hai.

**(2)** وَاللّٰهُ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Aur Allah Azza Wa Jall Jald Hisaab Leta Hai.

**(3)** اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Beshak Allah Azza Wa Jall Paak Khabardaar Hai.

**(4)** اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Beshak Allah Azza Wa Jall Sunta Dekhta Hai.

**(5)** وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Aur Allah Azza Wa Jall Ilm-o-Hikmat Wala Hai.

**(6)** وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Aur Allah Azza Wa Jall Sunta Jaanta Hai.

**(7)** وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Aur Allah Azza Wa Jall Sab Kuch Jaanta Hai.

{۸} وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۔[۱]

ترجمۂ کنزالایمان: اوراللہ [عزوجل] تمھارے کاموں کو جانتا ہے۔

{۹} اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۔[۲]

ترجمۂ کنزالایمان: بے شک اللہ [عزوجل] قوت والا غالب ہے۔

{۱۰} وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۔[۳]

ترجمۂ کنزالایمان: اوراللہ [عزوجل] روزی دیتا ہے جسے چاہے بے گنتی۔

{۱۱} وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۔[۴]

ترجمۂ کنزالایمان: اوراللہ [عزوجل] جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔

{۱۲} اِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ ۔[۵]

ترجمۂ کنزالایمان: بے شک اللہ [عزوجل] کرتا ہے جو چاہے۔

{۱۳} اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۔[۶]

ترجمۂ کنزالایمان: بے شک اللہ [عزوجل] کی روزی سب سے بہتر ہے۔

{۱۴} اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ شَهِيْدٌ ۔[۷]

ترجمۂ کنزالایمان: بے شک ہر چیز اللہ [عزوجل] کے سامنے ہے۔

[۱] [پارہ ۱۸، سورۂ نور، آیت نمبر: ۲۸] [۳] [پارہ: ۱۸، سورۂ نور، آیت نمبر: ۳۸]
[۲] [پارہ: ۱۷، سورۂ حج، آیت نمبر: ۴۷] [۴] [پارہ: ۱۸ سورۂ نور، آیت نمبر: ۱۹] [۶] [پارہ: ۱۷۔ سورۂ حج، آیت نمبر: ۵۸]
[۵] [پارہ: ۱۸، سورۂ نور، آیت نمبر: ۱۴] [۷] [پارہ: ۱۷۔ سورۂ حج، آیت نمبر: ۱۷]

**(8)** وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ ۔

Tarjama-e-Kanzul Imaan: Aur Allah Azza Wa Jall Tumhaare Kaamon Ko Jaanta Hai.

**(9)** اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِیٌّ عَزِیْزٌ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Beshak Allah Azza Wa Jall Quwwat Wala Ghalib Hai.

**(10)** وَاللّٰهُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Aur Allah Azza Wa Jall Rozi Deta Hai Jise Chaahe Be Ginti.

**(11)** وَاللّٰهُ یَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Aur Allah Azza Wa Jall Jaanta Hai Aur Tum Nahi Jaante.

**(12)** اِنَّ اللّٰهَ یَفْعَلُ مَا یُرِیْدُ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Beshak Allah Azza Wa Jall Karta Hai Jo Chaahe.

**(13)** اِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Beshak Allah Azza Wa Jall Ki Rozi Sab Se Behtar Hai.

**(14)** اِنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ شَهِیْدٌ ۔

Tarjama-e- Kanzul Imaan: Beshak Har Cheez Allah Azza Wa Jall Ke Saamne Hai.

# دسواں سبق

## حِفظِ سُوَر بالتجوید

{۱}

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّآ أَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ۞ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ۞ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ۞

**ترجمہ**

سورۂ کوثر مکی ہے، اِس میں تین آیتیں ہیں۔

اللہ کے نام سے شروع، جونہایت مہربان رحم والا۔

اے محبوب! بے شک ہم نے تمھیں بے شمار خوبیاں عطا فرمائیں۔ توتم اپنے رب کے لیے نماز پڑھو اور قربانی کرو! بے شک جو تمھارا دشمن ہے وہی ہر خیر سے محروم ہے۔

{۲}

سُوْرَةُ الْإِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ۞ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۞

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۞ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ۞

# TENTH LESSON

## HIFZUS SURAH BITTAJWEED

{١}

سُوْرَةُ الْكَوْثَرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّآ أَعْطَيْنٰكَ الْكَوْثَرَ ١ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ ٢ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ ٣

### Tarjamah

Sura-e-Kausar Makki Hai, Is Mein Teen Aayatein Hain.
Allah Ke Naam Se Shuroo, Jo Nihaayat Meharbaan Rahem Wala.

Aye Mahboob! Beshak Hamne Tumhein Beshumaar Khoobiyaan Ataa Farmayin. To Tum Apne Rab Ke Liye Namaaz Padho Aur Qurbaani Karo! Beshak Jo Tumhaara Dushman Hai Wahi Har Khair Se Mahroom Hai.

{٢}

سُوْرَةُ الْإِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ أَرْبَعُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ٢

لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ٣ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا أَحَدٌ ٤

## ترجمہ

سورۂ اخلاص مکی ہے، اِس میں چار آیتیں ہیں۔

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم والا۔

تم فرماؤ! وہ اللہ ہے۔ وہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اُس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اُس کے جوڑ کا کوئی۔

{۳}

## سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعَصْرِ ۝١ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ۝٢ إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۝٣

## ترجمہ

سورۂ عصر مکی ہے، اِس میں تین آیتیں ہیں۔

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم والا۔

اُس زمانۂ محبوب کی قسم۔ بے شک آدمی ضرور نقصان میں ہے۔ مگر جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے اور ایک دوسرے کو حق کی تاکید کی اور ایک دوسرے کو صبر کی وصیت کی [وہ نقصان میں نہیں]۔

{۴}

## سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝١ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝٢ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ۝٣ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝٤ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ۝٥

## Tarjamah

Sura-e- Ikhlaas Makki Hai, Is Mein Chaar Aayatein Hain.
Allah Ke Naam Se Shuroo, Jo Nihaayat Meharbaan Rahem Wala.

Tum Farma'o! Woh Allah Hai. Woh Ek Hai. Allah Beniyaaz Hai. Na Uski Koi Aulaad Aur Na Woh Kisi Se Paida Hua Aur Na Uske Jod Ka Koi.

{۳}

سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ ثَلٰثُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالْعَصْرِ ﴿١﴾ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَفِيْ خُسْرٍ ﴿٢﴾ إِلَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ وَتَوَاصَوْا
بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ﴿٣﴾

## Tarjamah

Sura-e- Asr Makki Hai, Is Mein Teen Aayatein Hain.
Allah Ke Naam Se Shuroo, Jo Nihaayat Meharbaan Rahem Wala.

Us Zamaana-e- Mahboob Ki Qasam. Beshak Aadmi Zaroor Nuqsaan Mein Hai. Magar Jo Iman Laye Aur Achchhe Kaam Kiye Aur Ek Doosre Ko Haq Ki Taakid Ki Aur Ek Doosre Ko Sabr Ki Wasiyyat Ki( Woh Nuqsan Mein Nahi).

{۴}

سُوْرَةُ الْفَلَقِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ خَمْسُ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿١﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ﴿٢﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ ﴿٣﴾
وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ﴿٤﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ ﴿٥﴾

ترجمہ

سورۂ فلق مکی ہے، اِس میں پانچ آیتیں ہیں۔

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم والا۔

تم فرماؤ! میں اُس کی پناہ لیتا ہوں جو صبح کا پیدا کرنے والا ہے۔ اُس کی سب مخلوق کے شر سے اور اندھیری ڈالنے والے کے شر سے جب وہ ڈوبے اور اُن عورتوں کے شر سے جو گرہوں میں پھونکتی ہیں اور حسد والے کے شر سے جب وہ مجھ سے جلے۔

{۵}

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتُّ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝١ مَلِكِ النَّاسِ ۝٢ إِلٰهِ النَّاسِ ۝٣ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝٤ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝٥ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝٦

ترجمہ

سورۂ ناس مکی ہے، اِس میں چھ آیتیں ہیں۔

اللہ کے نام سے شروع، جو نہایت مہربان رحم والا۔

تم کہو! میں اُس کی پناہ میں آیا جو سب لوگوں کا رب۔ سب لوگوں کا بادشاہ۔ سب لوگوں کا خدا۔ اُس کے شر سے جو دل میں برے خطرے [وسوسے] ڈالے اور دُبک [چھپ] رہے اور جو لوگوں کے دلوں میں وسوسے ڈالتے ہیں، جن اور آدمی۔

## Tarjamah

Sura-e- Falaq Makki Hai, Is Mein Paanch Aayatein Hain.
Allah Ke Naam Se Shuroo, Jo Nihaayat Meharbaan Rahem Wala.

Tum Farma'o! Main Uski Panaah Letaa Hoon Jo Subah Ka Paida Karne Wala Hai. Uski Sab Makhlooq Ke Shar Se Aur Andheri Daalne Wale Ke Shar Se Jab Woh Doobe Aur Un Auraton Ke Shar Se Jo Girhon Mein Phoonkti Hain Aur Hasad Karne Wale Ke Shar Se Jab Woh Mujh Se Jale.

{۵}

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ وَهِيَ سِتُّ آيَاتٍ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿١﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿٢﴾ إِلٰهِ النَّاسِ ﴿٣﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ
الْخَنَّاسِ ﴿٤﴾ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿٥﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿٦﴾

## Tarjamah

Sura-e-Naas Makki Hai, Is Mein Chhe Aayatein Hain.
Allah Ke Naam Se Shuroo, Jo Nihaayat Meharbaan Rahem Wala.

Tum Kaho! Main Uski Panaah Mein Aayaa Jo Sab Logon Ka Rab. Sab Logon Ka Baadshaah. Sab Logon Ka Khuda. Us Ke Shar Se Jo Dil Mein Bure Khatre (Waswase) Daale Aur Dubuk (Chhup) Rahe Aur Jo Logon Ke Dilon Mein Waswase Daalte Hain, Jin Aur Aadami.

# گیارھواں سبق

## رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وآلہٖ وسلّم کی پیاری باتیں

{۱} طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ۔[۱]

ترجمہ: علمِ دین حاصل کرنا ہر مسلمان [مرد اور عورت] پر فرض ہے۔

{۲} اَلصَّلٰوةُ نُوْرُ الْمُؤْمِنِ۔[۲]

ترجمہ: نماز مومن کے لیے نور ہے۔

{۳} اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ۔[۳]

ترجمہ: بے شک دین [پر عمل کرنا] آسان ہے۔

{۴} اَلدِّيْنُ اَلنَّصِيْحَةُ۔[۴]

ترجمہ: دین خیر خواہی [بھلائی کرنے] کا نام ہے۔

{۵} اَلْحَيَآءُ مِنَ الْاِيْمَانِ۔[۵]

ترجمہ: حیا ایمان کا حصہ ہے۔ یا۔ حیا ایمان کی وجہ سے ہے۔

{۶} اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ۔[۶]

ترجمہ: نیکی اچھے اخلاق و کردار کا نام ہے۔

۱ [السنن للامام ابن ماجہ، باب فضل العلماء والحث علی طلب العلم، حدیث نمبر: ۲۲۹]
۲ [السنن للامام ابن ماجہ، باب الحسد، حدیث نمبر: ۴۳۵۰]
۳ [الصحیح للامام البخاری، باب الدین یسر، حدیث نمبر: ۳۹]
۴ [الصحیح للامام البخاری، باب قول النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: الدین النصیحۃ للہ ولرسولہ ولائمۃ المسلمین وعامتہم]
۵ [الصحیح للامام البخاری، باب الحیاء من الایمان، حدیث نمبر: ۲۴]
۶ [الصحیح للامام مسلم، باب تفسیر البر والاثم، حدیث نمبر: ۲۶۸۰]

# ELEVENTH LESSON

## RASOOLULLAH Sallallahu Alaihi Wasallam KI PYAARI BAATEIN

**(1) Talabul Ilmi Fareedatun Alaa Kulli Muslim.**

Tarjamah: Ilm-e-Deen Haasil Karna Har Musalman ( Mard Aur Aurat) Par Farz Hai.

**(2) Assalaatu Noorul Mu'mini.**

Tarjamah: Namaaz Momin Ke Liye Noor Hai.

**(3) Innad Deena Yusrun.**

Tarjamah: Beshak Deen ( Par Amal Karna) Aasaan Hai.

**(4) Addeenun naseehatu.**

Tarjamah: Deen Khair Khaahi ( Bhalaai Karne) Ka Naam Hai.

**(5) Al Hayaa'u Minal Imaani.**

Tarjamah: Hayaa Imaan Ka Hissa Hai. Yaa. Hayaa Imaan Ki Wajah Se Hai.

**(6) Al Birru Husnul Khulqi.**

Tarjamah: Neki Achche Akhlaaq-o-Kirdaar Ka Naam Hai.

{۷} مَنۡ صَمَتَ نَجَا ۔[۱]

ترجمہ: جو [خاموشی کے مقام پر] خاموش رہا اُس نے نجات پائی۔

{۸} لَا تَأۡكُلُوۡا بِالشِّمَالِ فَاِنَّ الشَّيۡطَانَ يَأۡكُلُ بِالشِّمَالِ ۔[۲]

ترجمہ: بائیں [الٹے] ہاتھ سے مت کھایا کرو، کیوں کہ بائیں ہاتھ سے شیطان مردود کھاتا ہے۔

{۹} اَفۡشُوا السَّلَامَ بَيۡنَكُمۡ ۔[۳]

ترجمہ: آپس میں "اَلسَّلَامُ عَلَيۡكُمۡ" کو رائج کرو۔

{۱۰} اَلسَّلَامُ قَبۡلَ الۡكَلَامِ ۔[۴]

ترجمہ: بات کرنے سے پہلے "السلام علیکم" کہنا چاہیے۔

{۱۱} اَلطُّهُوۡرُ شَطۡرُ الۡاِيۡمَانِ ۔[۵]

ترجمہ: پاکیزگی نصف [آدھا] ایمان ہے۔

{۱۲} خَيۡرُ الۡهَدۡيِ هَدۡيُ مُحَمَّدٍ ﷺ ۔[۶]

ترجمہ: سب سے بہترین طریقہ [حضرت سیدنا] محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا طریقہ ہے۔

{۱۳} كُلُّ مَعۡرُوۡفٍ صَدَقَةٌ ۔[۷]

ترجمہ: ہر نیک [اچھا] کام صدقہ ہے۔

{۱۴} سَمِّ اللّٰهَ وَكُلۡ بِيَمِيۡنِكَ ۔[۸]

ترجمہ: اللہ کا نام لو [یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھو] اور دائیں ہاتھ سے کھاؤ۔

۱ [الجامع للامام الترمذی، باب من کان یومن باللہ والیوم الآخر فلیکرم ضیفہ، حدیث نمبر: ۲۶۸۹]
۲ [الصحیح للامام مسلم، باب آداب الطعام والشراب واحکامھما، حدیث نمبر: ۵۳۸۳]
۳ [الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، باب بیان انہ لایدخل الجنۃ الا المؤمن... حدیث نمبر: ۲۰۳]
۴ [الجامع للامام الترمذی، باب ماجاء فی السلام قبل الکلام، حدیث نمبر: ۲۹۱۶]
۵ [الصحیح للامام مسلم، باب فضل الوضوء، حدیث نمبر: ۵۵۶]
۶ [السنن للامام ابن ماجہ، باب اجتناب البدع والجدل، حدیث نمبر: ۴۷]
۷ [الصحیح للامام مسلم، باب بیان ان اسم الصدقۃ یقع علی کل نوع من المعروف، حدیث نمبر: ۲۳۷۵]
۸ [الصحیح للامام البخاری، کتاب الاطعمہ، باب التسمیۃ علی الطعام والاکل بالیمین، حدیث نمبر: ۵۳۷۶۔ الصحیح للامام مسلم، کتاب الاشربہ، باب آداب الطعام والشراب واحکامھما، حدیث نمبر: ۵۳۸۸]

**(7) Man Samata Najaa.**

Tarjamah: Jo ( Khamoshi Ke Maqaam Par) Khamosh Raha Usne Nijaat Paai.

**(8) Laa Ta'Kuloo Bish Shimaali Fa Innash Shaitaana Ya'Kulu Bish Shimaali.**

Tarjamh: Bayein (ulte) Haath Se Mat Khayaa Karo, Kyon Ki Bayein Haath Se Shaitaan Mardood Khataa Hai.

**(9) Afshus Salaama Bainakum.**

Tarjamah: Aapas Mein As Salaamu Alaikum Ko Ra'ij Karo.

**(10) As Salaamu Qablal Kalaami.**

Tarjamah: Baat Karne Se Pahle As Salaamu Alaikum Kahna Chahiye.

**(11) At Tuhooru Shatrul Imaani.**

Tarjamah: Paakeezgi Nisf ( Aadhaa) Imaan Hai.

**(12) Khairul Hadyi Hadyu Muhammadin Sallallahu Alaihi Wasallam.**

Tarjamah: Sab Se Behtareen Tareeqa ( Hazrat Sayyiduna ) Muhammad Sallallahu Alaihi Wasallam Ka Tareeqa Hai,

**(13) Kullu Maaroofin Sadaqatun.**

Tarjamah: Har Nek ( Achchha) Kaam Sadqaa Hai.

**(14) Sammillaha Wa Kul Bi Yameenika.**

Tarjamah: Allah Ka Naam Lo( Yaani Bismillahir Rahmaanir Raheem Padho) Aur Daahine Haath Se Khao.

{۱۵} اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِّلْفَمِ وَمَرْضَاةٌ لِّلرَّبِّ ۔[۱]

ترجمہ: مسواک کرنا منہ کی صفائی اور اللہ عزوجل کی خوشنودی کا ذریعہ ہے۔

{۱۶} لَا تُقْبَلُ صَلٰوةٌ بِغَيْرِ طُهُوْرٍ ۔[۲]

ترجمہ: کوئی بھی نماز پاکیزگی کے بغیر مقبول نہیں ہوتی۔

{۱۷} لَا يَرْحَمُ اللّٰهُ مَنْ لَّا يَرْحَمُ النَّاسَ ۔[۳]

ترجمہ: جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا، اللہ اُس پر رحم نہیں فرماتا۔

{۱۸} لَا يَحِلُّ لِمُسْلِمٍ اَنْ يُّرَوِّعَ مُسْلِمًا ۔[۴]

ترجمہ: کسی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ کسی مسلمان کو ڈرائے دھمکائے۔

{۱۹} خَيْرُكُمْ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَهٗ ۔[۵]

ترجمہ: تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآنِ مقدس سیکھے اور دوسروں کو سکھائے۔

{۲۰} اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ اِيْمَانٌ بِاللّٰهِ ۔[۶]

ترجمہ: سب سے افضل عمل [کام] اللہ عزوجل پر ایمان لانا ہے۔

{۲۱} اَكْبَرُ الْكَبَآئِرِ الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ ۔[۷]

ترجمہ: سب سے بڑا گناہ اللہ عزوجل کے ساتھ کسی کو شریک ٹھہرانا ہے۔

۱ [السنن للامام ابن ماجہ، باب السواک، حدیث نمبر: ۲۰۴۔ السنن للامام النسائی، باب الترغیب فی السواک، حدیث نمبر: ۵]

۲ [الصحیح للامام مسلم، کتاب الطہارۃ، باب وجوب الطہارۃ للصلوٰۃ حدیث نمبر: ۲۲۴]

۳ [الصحیح للامام البخاری، باب قول اللہ تبارک وتعالیٰ: قل ادعوا اللہ او ادعوا الرحمٰن ایا ما تدعوا فلہ الاسماء الحسنیٰ، حدیث نمبر: ۷۳۷۶]

۴ [السنن للامام ابی داؤد، کتاب الادب، رقم الحدیث: ۵۰۰۴]

۵ [الصحیح للامام البخاری، باب خیرکم من تعلم القرآن وعلمہ، حدیث نمبر: ۵۰۲۷]

۶ [الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، باب کون الایمان باللہ تعالیٰ أفضل الأعمال، حدیث نمبر: ۲۵۸]

۷ [الصحیح للامام مسلم، کتاب الایمان، باب بیان الکبائر واکبرہا، حدیث نمبر: ۲۶۹]

**(15) As Siwaaku Mat Haratul Lilfami Wa Mardaatul Lir Rabbi.**

Tarjamah: Miswaak Karna Munh Ki Safaai Aur Allah Azza Wa Jall Ki Khushnoodi Ka Zariyaa Hai.

**(16) Laa Tuqbalu Salaatum Bighairi Tuhoorin.**

Tarjamah: Koi Bhi Namaaz Paakeezgi Ke Baghair Maqbool Nahi Hoti.

**(17) Laa Yarhamullahu Malla Yarhamun Naasa.**

Tarjamah: Jo Logon Par Raham Nahi Karta Allah Us Par Raham Nahi Farmata.

**(18) Laa Yahillu Limuslimin Anyyurawwi'a Musliman.**

Tarjamah: Kisi Musalman Ke Liye Jaiz Nahi Ki Kisi Musalman Ko Daraaye Dhamkaaye.

**(19) Khairukum Man Ta'allamal Qur'ana Wa Allamahu.**

Taramah: Tum Mein Sab Se Behtar Woh Shakhs Hai Jo Qur'an-e-Muqaddas Seekhe Aur Doosron Ko Sikhaaye.

**(20) Afdalul Aamaali Imaanum Billahi.**

Tarjamah: Sab Se Afzal Amal (Kaam) Allah Azza Wa Jall Par Imaan Lana Hai.

**(21) Akbarul Kabaai'ri Al Ishraaku Billahi.**

Tarjamah: Sab Se Bada Gunaah Allah Azza Wa Jall Ke Saath Kisi Ko Shareek Thahraana Hai.

# بارھواں سبق

## اہم دینی معلومات

- اسلام کے پانچ ستون ہیں۔

[۱] اِس بات کی گواہی دینا کہ اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور ہمارے سردار حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم اللہ کے خاص بندے اور اُس کے رسولِ مُعظَّم ہیں۔

[۲] نماز قائم کرنا۔

[۳] زکاۃ ادا کرنا۔

[۴] حجِّ بیت اللہ کرنا۔

[۵] رمضان کے پورے روزے رکھنا۔

- دن رات میں پانچ وقت کی نمازیں فرض ہیں۔

[۱] فجر [۲] ظہر [۳] عصر [۴] مغرب [۵] عشا۔

- مشہور آسمانی کتابیں چار ہیں۔

[۱] توریت [۲] زبور [۳] اِنجیل [۴] قرآنِ مجید۔

- وضو میں چار باتیں فرض ہیں۔

[۱] چہرہ دھونا۔ [۲] کہنیوں سمیت دونوں ہاتھ دھونا۔

[۳] چوتھائی سر کا مسح کرنا۔ [۴] ٹخنوں سمیت دونوں پاؤں دھونا۔

# TWELFTH LESSON

## Aham Dinee Maaloomaat

- Islam Ke Paanch Sutoon Hain.

(1) Is Baat Ki Gawaahi Dena Ki Allah Ke Siwaa Koi Ibaadat Ke Laa'iq Nahi Aur Hamaare Sardaar Hazrat Muhammad Mustafaa Sallallahu Alaihi Wasallam Allah Ke Khaas Bande Aur Uske Rasool-e- Muazzam Hain.

(2) Namaaz Qaayem Karna.

(3) Zakaat Adaa Karna.

(4) Hajj-e- Baitullah Karna.

(5) Ramazaan Ke Poore Roze Rakhna.

- Din Raat Mein Paanch Waqt Ki Namaazein Farz Hain.

(1) Fajr (2) Zohar (3) Asr (4) Maghrib (5) Isha.

- Mash'hoor Aasmaani Kitaabein Chaar Hain.

(1) Tauret (2) Zaboor (3) Injeel (4) Qur'an-e- Majeed.

- Wazoo Mein Chaar Baatein Farz Hain.

(1) Chehra Dhona.

(2) Kohniyon Samet Dono Haath Dhona.

(3) Chauthaai Sar Ka Masah Karna.

(4) Takhnon Samet Donon Pair Dhona.

- غُسل میں تین باتیں فرض ہیں۔

[۱] خوب اچھی طرح کُلّی کرنا۔ [۲] ناک کی نرم ہڈی تک پانی پہنچانا۔

[۳] پورے جسم پر اس طرح پانی بہانا کہ بال برابر بھی کوئی جگہ خشک [سوکھی] نہ رہے۔

- فِرِشتے اللہ تعالیٰ کی نوری مخلوق ہیں۔
- اُن پر ایمان لانا ہر مومن کے لیے ضروری ہے۔
- اُن کی تعداد کا صحیح علم اللہ اور اُس کے رسول ہی کو ہے۔
- فرشتے نہ کچھ کھاتے ہیں، نہ کچھ پیتے ہیں۔
- یہ کبھی بھی اللہ کی نافرمانی نہیں کرتے۔
- حضرت جبریلِ امین علیہ السلام تمام فرشتوں کے سردار ہیں۔
- چار فرشتے ''رسول'' ہیں۔ اُنھیں ''رُسُلِ مَلٰئِکہ'' کہا جاتا ہے۔

وہ یہ ہیں۔

[۱] حضرت سیدنا جبریل علیہ السلام۔
[۲] حضرت سیدنا اسرافیل علیہ السلام۔
[۳] حضرت سیدنا میکائیل علیہ السلام۔
[۴] حضرت سیدنا عزرائیل علیہ السلام۔

- Ghusl Mein Teen Baatein Farz Hain.

(1) Khoob Achchhi Tarah Kulli Karna.

(2) Naak Ki Narm Haddi Tak Paani Pahunchaana.

(3) Poore Jism Par Is Tarah Paani Bahaana Ki Baal Baraabar Bhi Koi Jagah Khusk ( Sookhi ) Na Rahe.

- Firishte Allah Ta'ala Ki Noori Makhlooq Hain.
- Unpar Imaan Laana Har Momin Ke Liye Zaroori Hai.
- Unki Taadaad Ka Sahi Ilm Allah Aur Uske Rasool Hi Ko Hai.
- Firishte Na Kuchh Khaate Hain, Na Kuchh Peete Hain.
- Yeh Kabhi Bhi Allah Ki Naafarmaani Nahi Karte.
- Hazrat Jibreel-e-Ameen Alaihis Salaam Tamaam Firishton Ke Sardaar Hain.
- Chaar Firishte" Rasool" Hain. Unhein" Rusul-e-Malaa'ik" Kahaa Jataa Hai. Woh Yeh Hain:

(1) Hazrat Sayyiduna Jibreel Alaihis Salaam.

(2) Hazrat Sayyiduna Israafeel Alaihis Salaam.

(3) Hazrat Sayyiduna Meekaail Alaihis Salaam.

(4) Hazrat Sayyiduna Izraail Alaihis Salaam.

- جس خوش نصیب نے ایمان کی حالت میں ہمارے نبی حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کا دیدار کیا اور ایمان ہی پر اُس کا خاتمہ ہوا اُسے "صَحَابِی" کہتے ہیں۔
- حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے خاندان والوں سے اور آپ کے تمام صحابہ سے محبت کرنا اور اُن سب کا ادب واحترام کرنا ہر مومن کے لیے ضروری ہے۔
- حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم کے تمام صحابہ میں سب سے اونچا مقام "خلفاے راشدین" کا ہے۔
- خلفاے راشدین اِن حضرات کو کہا جاتا ہے۔

[۱] حضرت سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

[۲] حضرت سیدنا عمرِ فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

[۳] حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

[۴] حضرت سیدنا مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

- اِن حضرات میں سب سے افضل حضرت سیدنا ابوبکر صدیق ہیں۔ اُن کے بعد حضرت سیدنا عمرِ فاروقِ اعظم ہیں۔ اُن کے بعد حضرت سیدنا عثمانِ غنی اور اُن کے بعد حضرت سیدنا مولا علی سب سے افضل ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

- Jis Khush Naseeb Ne Imaan Ki Haalat Mein Hamaare Nabi Hazrat Muhammad Mustafaa Sallallahu Alaihi Wasallam Ka Deedaar Kiya Aur Imaan Hi Par Uska Khaatima Huwa Use " Sahaabi" Kahte Hain.
- Huzoor Sallallahu Alaihi Wasallam Ke Khaandaan Waalon Se Aur Aap Ke Tamaam Sahaaba Se Muhabbat Karna Aur Un Sab Ka Adab-o-Ehteraam Karna Har Momin Ke Liye Zaroori Hai.
- Huzoor Sallallahu Alaihi Wasallam Ke Tamaam Sahaaba Mein Sab Se Uncha Maqaam " Khulafaaye Raashideen" Ka Hai.
- Khulafaaye Rashideen In Hazraat Ko Kaha Jaata Hai.

(1) Hazrat Sayyiduna Abu Bakr Siddeeq Radiyallahu Anh.

(2) Hazrat Sayyiduna Umar-e- Faarooq-e- Aazam Radiyallahu Anh.

(3) Hazrat Sayyiduna Usmaan-e- Ghanee Radiyallahu Anh.

(4) Hazrat Sayyiduna Maulaa Ali Radiyallahu Anh.

- In Hazraat Mein Sab Se Afzal Hazrat Sayyiduna Abu Bakr Siddeeq Hain. Unke Baad Hazrat Sayyiduna Umar-e-Faarooq-e-Aazam Hain. Unke Baad Hazrat Sayyiduna Usmaan-e-Ghanee Aur Unke Baad Hazrat Sayyiduna Maulaa Ali Sab Se Afzal Hain. Radiyallahu Anhum Aj Ma'een.

# تیرھواں سبق

## مناجات

یا الٰہی ہر جگہ تیری عطا کا ساتھ ہو   جب پڑے مشکل شہِ مشکل کُشا کا ساتھ ہو
یا الٰہی بھول جاؤں نزع کی تکلیف کو   شادیِ دیدارِ حسنِ مصطفیٰ کا ساتھ ہو
یا الٰہی جب زبانیں باہر آئیں پیاس سے   ساقیِ کوثر شہِ جود وعطا کا ساتھ ہو
یا الٰہی گرمیِ محشر سے جب بھڑکیں بدن   دامنِ محبوب کی ٹھنڈی ہوا کا ساتھ ہو
یا الٰہی نامۂ اعمال جب کھلنے لگیں   عیب پوشِ خلق ستارِ خطا کا ساتھ ہو
یا الٰہی جب سرِ شمشیر پر چلنا پڑے   ربِّ سَلِّم کہنے والے غم زُدا کا ساتھ ہو
یا الٰہی جب رضا خوابِ گراں سے سر اٹھائے   دولتِ بیدارِ عشقِ مصطفیٰ کا ساتھ ہو

## مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہٖ وسلم

مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام   شمعِ بزمِ ہدایت پہ لاکھوں سلام
شہرِ یارِ اِرَم تاجدارِ حَرَم   نَو بہارِ شفاعت پہ لاکھوں سلام
جس سہانی گھڑی چمکا طیبہ کا چاند   اُس دِل اَفروز ساعت پہ لاکھوں سلام
جس طرف اُٹھ گئی دَم میں دَم آ گیا   اُس نگاہِ عنایت پہ لاکھوں سلام
دور و نزدیک کے سننے والے وہ کان   کانِ لعلِ کرامت پہ لاکھوں سلام
کاش محشر میں جب اُن کی آمد ہو اور   بھیجیں سب اُن کی شوکت پہ لاکھوں سلام
مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا   مصطفیٰ جانِ رحمت پہ لاکھوں سلام

# THIRTEENTH LESSON

## MUNAAJAAT

Yaa Ilaahi Har Jagah Teri Ataa Ka Saath Ho
Jab Pade Mushkil Shah-e-Mushkil Kushaa Ka Saath Ho
Yaa Ilaahi Bhool Jauon Naza Ki Takleef Ko
Shaadiye Deedar-e-Husn-e-Mustafaa Ka Saath Ho
Yaa Ilaahi Jab Zabaanein Baahar Aayein Pyaas Se
Saaqiye Kausar Shah-e-Jood-o-Ataa Ka Saath Ho
Yaa Ilaahi Garmiye Mahshar Se Jab Bhadkein Badan
Daaman-e- Mahboob Ki Thandi Hawaa Ka Saath Ho
Yaa Ilaahi Nama-e-Aamaal Jab Khulne Lagen
Ayeb Poshe Khalq Sattare Khataa Ka Sath Ho
Yaa Ilaahi Jab Sare Shamsheer Par Chalna Pade
Rabbi Sallim Kahne Wale Ghamzuda Ka Saath Ho
Yaa Ilaahi Jab Raza Khaab-e-Giraan Se Sar Uthaaye
Daulat-e-Bedaar Ishq-e-Mustafaa Ka Saath Ho

## MUSTAFAA JAANE RAHMAT PE LAAKHON SALAAM Sallallahu Alaihi Wasallam

Mustafa Jaan-e-Rahmat Pe Laakhon Salaam
Shamye Bazm-e-Hidaayat Pe Laakhon Salam
Shahr-e-Yaar-e-Iram Taajdaar-e-Haram
Nau Bahaar-e-Shafaa'at Pe Laakhon Salaam
Jis Suhaani Ghadi Chamka Taiba Ka Chaand
Us Dil Afroz Saa'at Pe Laakhon Salaam
Jis Taraf Uth Gayi Dam Mein Dam Aa Gayaa
Us Nigaah-e-Inaayat Pe Laakhon Salaam
Door-o-Nazdeek Ke Sunne Wale Woh Kaan
Kaan-e-Laal-e-Karaamat Pe Laakho Salaam
Kaash Mahshar Mein Jab Unki Aamad Ho Aur
Bhejein Sab Unki Shaukat Pe Laakhon Salaam
Mujh Se Khidmat Ke Qudsi Kahein Haan Raza
Mustafa Jaan-e-Rahmat Pe Laakhon Salam

## تم پہ کروڑوں درود

کعبہ کے بدرُ الدجیٰ تم پہ کروڑوں درود ‏ طیبہ کے شمس الضحیٰ تم پہ کروڑوں درود
شافعِ روزِ جزا تم پہ کروڑوں درود ‏ دافعِ جملہ بلا تم پہ کروڑوں درود
اور کوئی غیب کیا تم سے نہاں ہو بھلا ‏ جب نہ خدا ہی چھپا تم پہ کروڑوں درود
دل کرو ٹھنڈا مرا وہ کفِ پا چاند سا ‏ سینے پہ رکھ دو ذَرا تم پہ کروڑوں درود
اپنے گنہ گار کو اپنے ہی دامن میں لو ‏ کون کرے یہ بھلا تم پہ کروڑوں درود
کیوں کہوں بے کس ہوں میں کیوں کہوں بے بس ہوں میں ‏ تم ہو میں تم پر فدا تم پہ کروڑوں درود
کام وہ لے لیجیے تم کو جو راضی کرے ‏ ٹھیک ہو نامِ رضا تم پہ کروڑوں درود

## منقبتِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ

واہ کیا مرتبہ اے غوث ہے بالا تیرا ‏ اونچے اونچوں کے سروں سے قدم اعلیٰ تیرا
سر بھلا کیا کوئی جانے کہ ہے کیسا تیرا ‏ اولیا ملتے ہیں آنکھیں وہ ہے تلوا تیرا
قسمیں دے دے کے کھلاتا ہے پلاتا ہے تجھے ‏ پیارا اللہ تیرا چاہنے والا تیرا
کیوں نہ قاسم ہو کہ تو ابنِ ابی القاسم ہے ‏ کیوں نہ قادر ہو کہ مختار ہے بابا تیرا
تجھ سے دَر، در سے سگ، سگ سے ہے مجھ کو نسبت ‏ میری گردن میں بھی ہے دور کا ڈورا تیرا
اِس نشانی کے جو سگ ہیں نہیں مارے جاتے ‏ حشر تک میرے گلے میں رہے پٹا تیرا
ہیں رضا یوں نہ بلک تو نہیں جیِّد تو نہ ہو ‏ سیِّدِ جیِّد ہر دَہر ہے مولا تیرا

## TUM PE KARODON DUROOD

Kaabe Ke Badruddujaa Tum Pe Karodon Durood
Taiba Ke Shamsudduhaa Tum Pe Karodon Durood
Shaafeye Roz-e-Jazaa Tum Pe Karodon Durood
Daafeye Jumla Balaa Tum Pe Karodon Durood
Aur Koi Ghaib Kya Tum Se Nihaan Ho Bhalaa
Jab Na Khuda Hi Chhupa Tum Pe Karodon Durood
Dil Karo Thanda Meraa Woh Kaf-e-Paa Chaand Sa
Seene Pe Rakh Do Zaraa Tum Pe Karodon Durood
Apne Gunah Gaar Ko Apne Hi Daaman Mein Lo
Kaun Kare Yeh Bhala Tum Pe Karodon Durood
Kyon Kahoon Bekas Hoon Main Kyon Kahoon Bebas Hoon Main
Tum Ho Main Tum Par Fidaa Tum Pe Karodon Durood
Kaam Woh Le Lijiye Tum Ko Jo Raazi Kare
Thik Ho Naam-e- Raza Tum Pe Karodon Durood

## MANQABATE GHAUSE AAZAM RADIYALLAHU ANHU

Waah Kya Martaba Aye Ghaus Hai Baalaa Teraa
Uonche Uoncho Ke Saron Se Qadam Aalaa Teraa
Sar Bhalaa Kyaa Koi Jaane Ki Hai Kaisa Teraa
Auliyaa Malte Hain Aankhein Woh Hai Talwaa Teraa
Qasmein De De Ke Khilaata Hai Pilaata Hai Tujhe
Pyaara Allah Teraa Chaahne Wala Teraa
Kyon Na Qaasim Ho Ki Tu Ibn-e-Abi Qaasim Hai
Kyon Na Qaadir Ho Ki Mukhtaar Hai Baba Teraa
Tujh Se Dar, Dar Se Sag, Sag Se Hai Mujhko Nisbat
Meri Gardan Mein Bhi Hai Door Ka Dora Teraa
Is Nishaani Ke Jo Sag Hain Nahi Maare Jaate
Hashr Tak Mere Gale Mein Rahe Patta Teraa
Hain Raza Yoon Na Bilak Tu Nahi Jayyid To Na Ho
Sayyed-e- Jayyed-e- Har Dahr Hai Maula Teraa

# چودھواں سبق

## چند پھلوں اور میووں کے نام

| انگلش | عربی | اردو |
|---|---|---|
| Pineapple | اَنَانَاس | اناناس |
| Pear | اِجَّاصٌ | ناشپاتی |
| Mango | مَانْجُو | آم |
| Orange | بُرْتَقَالٌ | سنترہ |
| Apple | تُفَّاحٌ | سیب |
| Guave | جَوَافَةٌ | امرود |
| Plum | بُرْقُوْقٌ | پلم/آلو بخارا |
| Papaya | ثَمَرُ الْبَبُو | پپیتا |
| Walnut | جَوْزٌ | اخروٹ |
| Almond | لَوْزٌ | بادام |
| Pistachio | فُسْتُقٌ | پستہ |
| Raisin | زَبِيْبٌ | منقّٰی |

# چند مشہور سبزیوں کے نام

| انگلش | عربی | اردو |
|---|---|---|
| Potato | بَطَاطِسُ | آلو |
| Eggplant | بَاذِنْجَانٌ | بیگن |
| Okra | بَامِيَةٌ | بھنڈی |
| Onion | بَصَلٌ | پیاز |
| Peas | بَازِلّاً | مٹر |
| Sweet potato | بَطَاطَا حُلْوَةٌ | شکرقند |
| Garlic | ثُومٌ | لہسن |
| Carrot | جَزَرٌ | گاجر |
| Calabash | دُبَّاءٌ | کدّو/لوکی |
| Red beet | شَمَنْدَرٌ | چُقندر |
| Spinach | سَبَانِخٌ | پالک |
| Tomato | طَمَاطِمُ | ٹماٹر |
| Radish | فُجْلٌ | مولی |
| Pepper | فِلْفِلٌ | مِرچ |
| Cauli flower | قَرْنَبِيْطٌ | گوبھی |

# دارالعلوم محبوب سبحانی کی کہانی تصویروں کی زبانی۔۔۔












دارالافتاء




حافظ ملت دارالمطالعہ



امام احمد رضا لائبریری




ساحل ملت کمپیوٹر لیب






**PROPOSED SITE FOR :**
**DARUL ULOOM MEHBOOB-E-SUBHANI**
**MADARSA, SCHOOL & COLLEGE**




**OPEN PLOT OF :**
**DARUL ULOOM MEHBOOB-E-SUBHANI**
**MORE THAN 6 ACRES AT MAHAPOLI, BHIWANDI.**




**SHOBA-E-ISHA'AT DARUL ULOOM MEHBOOB-E-SUBHANI**

Kurla West, Mumbai